Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14
منگل، 14 نومبر 2023ء، 29 ربیع الثانی 1445ھ، قیمت 20 روپے
شمارہ 192

توشہ خانہ کیس، عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری

نیب نے چیئرمین پی ٹی آئی کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کیلئے درخواست دائر کی، جس پر احتساب عدالت نے سپرینٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو وارنٹ کی تعمیل کیلئے قانون کے مطابق اقدامات کا حکم دیدیا

جب وارنٹ کے بعد گرفتار کریں گے تو جسمانی ریمانڈ کیلئے یہاں ہی لائیں گے، قانون 24 گھنٹے دیتا ہے اس سے زیادہ ضرورت ہوئی تو عدالت میں درخواست دیں گے، پراسیکیوٹر

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) احتساب عدالت نے توشہ خانہ اور190ملین پاؤنڈ نیشنل کرائم ایجنسی کیسز میں چیئرمین پی ٹی آئی کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔نیب نے چیئرمین پی ٹی آئی کی وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کیلئے درخواست دائر کی، جس پر احتساب عدالت نے سپرینٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو وارنٹ کی تعمیل کیلئے قانون کے مطابق (بقیہ نمبر 31)

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے چیئرمین ہائی ایجوکیشن کمشنر ڈاکٹر مختار احمد نے ایوان صدر میں ملاقات کی

پاک، چین نیوی کی بحیرہ عرب میں مشقیں جاری

مشق کے دوران پاکستان اور چین پہلی دفعہ مشترکہ سمندری گشت کریں گے

کراچی(این این آئی) روسی پیسیفک فلیٹ اورمیانمار کی پہلی بحری مشق کے بعد پاک۔چین نیوی بحیرہ عرب میں ہفتے بھر جاری رہنے والی مشقیں کر رہی ہیں جبکہ بھارت اور امریکا نے سیکیورٹی تعاون کرنے کا عہد کیا۔غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق چینی اور پاکستانی نیوی نے کراچی نیول بیس سے شمالی بحیرہ عرب میں اس مشق کا آغاز کیا جس (بقیہ نمبر 32)

الیکشن صاف اور شفاف ہوں گے، ترجمان الیکشن کمیشن

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی جانب سے نگران وزیراعظم کو خط لکھنے پر الیکشن کمیشن کا ردعمل

اسلام آباد(آئی این پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی جانب سے نگران وزیراعظم کو خط لکھنے پرالیکشن کمیشن کا ردعمل سامنے آ گیا۔ترجمان الیکشن کمیشن نے صدر کا نام لیے بغیر کہا ہے کہ ایک اعلی عہدیدار کی طرف سے (بقیہ نمبر 35)

نسل نو کی تربیت و کردار سازی کیلئے فکر اقبال ناگزیر ہے

شاعر مشرق کے آفاقی کلام نے برصغیر کے مسلمانوں کو سیاسی شعور اور قوم کو ایک سمت عطا کی، محمد زبیر ربانی

بہاول پور(آئی این پی) شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے 146ویں یوم ولادت کے موقع پر بہاولپور میوزیم میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس تقریب میں گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی برائے خواتین بہاول (بقیہ نمبر 34)

لاپتہ افراد کی بازیابی، عدالت پولیس اور صوبائی حکومت پر برہم

لاپتہ شہری آسمان اور زمین کے درمیان کہیں بھی ہے تو ڈھونڈ کر پیش کریں، جسٹس عدنان الکریم میمن

کراچی (اے ایف پی) سندھ ہائی کورٹ نے لاپتہ افراد کی بازیابی کی درخواستوں کی سماعت کے دوران پولیس اور صوبائی حکومت کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔لاپتہ شہری آسمان اور زمین کے درمیان کہیں بھی ہے تو(بقیہ نمبر 33)

IMF مذاکرات کا آخری مرحلہ

پاکستان پہلے جائزے کی کامیابی کیلئے پرامید

پاکستان اور عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف)مشن کے درمیان تکنیکی سطح کے مذاکرات کے بعد پالیسی سطح کے مذاکرات کے پہلے روز خصوصی سرمایہ کاری فیسلیٹیشن کونسل کی جانب سے بریفنگ دی گئی

وفد گورنراسٹیٹ بینک، چیئرمین ایف بی آر، وزارت خزانہ، ایف بی آر، اسٹیٹ بینک اوروزارت توانائی کے دیگر حکام شریک تھے۔آئی ایم ایف کی جانب سے مشن کے سربراہ ناتھن پورٹرنے وفد کی قیادت کی

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات اپنے آخری مرحلے میں داخل ہوچکے ہیں۔اس حوالے سے پاکستان پہلے جائزے کی کامیابی سے تکمیل کے لیے پرامید ہے۔پاکستان اور عالمی مالیاتی ادارے)آئی ایم ایف (مشن کے درمیان تکنیکی سطح کے مذاکرات کے بعد پالیسی سطح کے مذاکرات کے پہلے روزخصوصی سرمایہ کاری فیسلیٹیشن کونسل کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں ایس آئی ایف سی کے تحت متوقع سرمایہ کاری اوراس پردی جانے والی ٹیکسوں کی رعایت پربھی غور کیا گیا۔ذرائع کے مطابق آج سے پاکستانی حکام اور آئی ایم ایف کے درمیان پالیسی سطح کے ہونے والے مذاکرات 15 نومبر تک جاری رہیں گے۔آج ہونے والے پالیسی سطح کے مذاکرات میں نگراں وفاقی وزیرخزانہ شمشاد اختر نے وفد کی سربراہی کی،جس میں گورنر اسٹیٹ بینک،چیئرمین ایف بی آر،وزارت خزانہ،ایف بی آر،اسٹیٹ بینک اوروزارت توانائی کے دیگر حکام شریک تھے۔آئی ایم ایف کی جانب سے مشن کے سربراہ ناتھن پورٹرنے وفد کی قیادت کی۔وزارت خزانہ کا کہناہیکہ آئی ایم ایف وفد نے اپنے مطالبات اورسفارشات سے آگاہ کیا ہے۔تکنیکی سطح کے مذاکرات میں آئی ایم ایف کے ساتھ اقتصادی (بقیہ نمبر 38)

گوادر، نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ مرحوم نگران وزیراعلیٰ کے پی کے اعظم خان کی رہائش گاہ پر فاتحہ خوانی کرتے ہوئے

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 8 روپے فی لٹر تک کمی کا امکان

15نومبر سے ڈیزل کی قیمت میں 8روپے فی لٹر تک کمی کا امکان ہے، ذرائع

اسلام آباد(اے ایف پی) عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی کے بعد ملک میں بھی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے۔ذرائع کے مطابق 15نومبر سے ڈیزل کی قیمت میں 8روپے فی لٹر تک کمی کا امکان ہے جبکہ پٹرول کی قیمت میں (بقیہ نمبر 36)

ڈی آئی خان: گیس تلاش کرنیوالی کمپنی کے قافلے پر حملہ، ایک شخص جاں بحق، 12 زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (اے ایف پی) خیبر پختونخوا کے شہر ڈیرہ اسماعیل خان میں نجی آئل اینڈ گیس کمپنی کے کیمپ آفس پر نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں ایک شخص (بقیہ نمبر 37)

2روز ورک فرام ہوم کی پالیسی اپنانے کا حکم

سموگ تدارک
سکول کالجز
ہفتے کو بند رکھنے

عدالت نے سموگ کے تدارک کے لیے عملی اقدامات نہ کرنے پر سخت برہمی کا اظہار

چیف سیکرٹری اور کمشنر لاہور پر بھی سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چیف سیکرٹری تو سوئے ہوئے ہیں، جسٹس شاہد کریم

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائیکورٹ نے ہفتے میں دو روز ورک فرام ہوم کا حکم دے دیا۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے تدارک سموگ سے متعلق درخواستوں پر سماعت کی، عدالت نے سموگ کے تدارک کے لیے عملی اقدامات نہ کرنے پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔عدالت عالیہ نے ہفتے میں دوروز ورک فرام ہوم کا حکم دے دیا، جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس میں کہا کہ ہفتے کے روز (بقیہ نمبر 39)

نگراں وفاقی وزیرداخلہ سرفراز احمد اسلام آباد ہیڈکوارٹر ٹریفک پولیس کی نئی بلڈنگ کا افتتاح کررہے ہیں

حضرت امیر خسروؒ کے عرس میں شرکت کیلئے درخواستیں طلب

شرکت کے خواہشمند پاکستانی زائرین سے 25نومبر 2023ء تک مخصوص زیارت فارم کے ذریعے درخواستیں طلب کر لی ہیں

درخواستوں کے ہمراہ وزارت کے نام ایک ہزار روپے (Rs.1000/-) کا ناقابل واپسی بینک ڈرافٹ لف کرنا لازم ہے

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے دہلی میں حضرت امیر خسروؒ کے سالانہ عرس میں شرکت کے خواہشمند پاکستانی زائرین سے 25نومبر 2023ء تک مخصوص زیارت فارم کے ذریعے درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ درخواستوں کے ہمراہ وزارت کے نام ایک ہزار روپے (Rs.1000/-) کا ناقابل واپسی بینک ڈرافٹ لف کرنا (بقیہ نمبر 54)

ہمیشہ گیٹ نمبر چار کا ساتھ دیا لیکن مجھے نظر لگ گئی: شیخ رشید

اب میں انتظار میں ہوں کہ نواز شریف کو کب نظر لگے گی، سابق وفاقی وزیر

راولپنڈی (اے ایف پی) سابق وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ میں نے ہمیشہ گیٹ نمبر چار کا ساتھ دیا لیکن مجھے نظر لگ گئی ہے۔عدالت کے(بقیہ نمبر 40)

عوام نے 5 سال سلیکٹڈ راج بھگتا اب کوئی سلیکٹڈ قبول نہیں، بلاول زرداری

مٹھی(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عوام نے 5 سال سلیکٹڈ راج بھگتا ہے اب آگے کوئی سلیکٹڈ راج قبول نہیں، کچھ لوگ اپنے کمروں میں بیٹھ کر منصوبے بنا رہے اور الیکشن رزلٹ ڈکلیئر کرا رہے ہیں، ان لوگوں کو عوام 8 فروری کو جواب دیں گے(بقیہ نمبر 41)

زمین مالک کو بغیر ادائیگی روڈ بنانے پر پنجاب حکومت پر 10لاکھ روپے جرمانہ

حکومت پنجاب کو 30دن میں زمین کی موجودہ ریٹ کے مطابق رقم ادائیگی کا حکم

اسلام آباد (اے ایف پی) سپریم کورٹ نے 9مرلہ زمین پر مالک کو بغیر معاوضہ ادائیگی روڈ بنانے پرحکومت پنجاب پر 10لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا۔سپریم کورٹ میں چیف جسٹس قاضی فائزعیسی کی سربراہی میں 3رکنی بنچ نے درخواست پر سماعت(بقیہ نمبر 42)

حکومت پنجاب نے سلانوالی میں سب جیل قائم کرنے کا فیصلہ

سرگودھا اور شاہ پور جیلوں میں قیدیوں کے رش میں کمی ہوگی، سپرنٹنڈنٹ جیل سرگودھا

سرگودھا(نمائندہ عوامی للکار) حکومت پنجاب نے سلانوالی میں سب جیل قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس حوالے سے ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ سرگودھا ریجن سعید اللہ گوندل نے سلانوالی کا دورہ کیا اور جیل کے قیام کی جگہ کا معائنہ کیا ۔ اس موقع (بقیہ نمبر 55)

سرگودھا، ڈی آئی جی جیل خانہ جات سعید اللہ گوندل سلانوالی میں سب جیل کے قیام کی جگہ کا معائنہ کر رہے ہیں

دبئی ایئرشو سپر مشاق اور JF-17 تھنڈر بلاک 3 طیاروں کی شرکت

پاک فضائیہ کا جے ایف 17- تھنڈر بلاک 3 طیارہ پہلی دفعہ بین الاقوامی ایئر شو میں نمائش کے لئے پیش کیا جائے گا

جو کہ پاک فضائیہ کی جانب سے جدت کے حصول اور ہوابازی کی صنعت میں بہترین کارکردگی کے عزم کا عکاس ہے

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ کا دستہ دبئی ایئر شو 2023 میں بھرپور شرکت کر رہا ہے جس میں اس کے جدید جے ایف 17- تھنڈر بلاک 3لڑاکا طیارے اور اعلیٰ خصوصیات کے حامل سپر مشاق طیارے حصہ لے رہے ہیں۔یہ میگا ایونٹ 13 تا 17نومبر 2023 تک جاری رہے گا جس کے دوران پاک فضائیہ کا جے ایف 17- تھنڈر بلاک 3 طیارہ پہلی دفعہ بین الاقوامی ایئرشو میں نمائش کے لئے پیش کیا جائے گا، جو کہ پاک فضائیہ کی جانب سے جدت کے حصول اور ہوابازی کی صنعت میں بہترین(بقیہ نمبر 48)

دبئی ایئرشو 2023ء میں پاک فضائیہ کے جے ایف 17 تھنڈر بلاک 3 لڑاکا طیارے کی شرکت

کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

ڈائریکٹر زراعت

اکثر مقامات پر کماد یا دیگر فصلیں کھڑی ہیں ان کی کٹائی کے فوراً بعد کاشتکار حضرات گندم کی بوائی شروع کر دیں گے

غیر معیاری کھاد اور زرعی ادویات کی فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کی جارہی ہے

سرگودھا(نمائندہ عوامی للکار) کاشتکار گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے محکمہ زراعت کے ماہرین کی مشاورت سے گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی پر عملدرآمد کرتے ہوئے گندم کی بھر پور کاشت کریں تو نہ صرف فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا بلکہ مطلوبہ اہداف کا حصول بھی ممکن ہو گا۔ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر زراعت شاہد حسین نے کیا۔انہوں نے کہا کہ سیکرٹری زراعت (بقیہ نمبر 43)

گیس کمپنی کے قافلے پر حملہ، ایک ملازم جاں بحق اور 12 زخمی

یہ واقعہ خیبر پختون خوا میں واقع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں پیش آیا

ڈی آئی خان (پینانیوز) درازندہ میں نامعلوم دہشت گردوں نے گیس اینڈ آئل کمپنی کے قافلے پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 12افراد زخمی ہوگئے۔یہ واقعہ خیبر پختون خوا میں واقع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے(بقیہ نمبر 56)

سندھ میں گنے کی کم ازکم قیمت 425 روپے فی من مقرر

محکمہ زراعت میں 10 ڈی جیز ہیں اور ایک کین کمشنر ہے، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی(پینانیوز) نگراں وزیراعلی سندھ جسٹس)ر (مقبول باقر نے گنے کی کم ازکم قیمت 425 روپے فی من مقرر کردی۔نگراں وزیراعلی سندھ کی زیر صدارت(بقیہ نمبر 49)

بلند شرح سود اسٹاک مارکیٹ کے لیے خطرہ قرار

پاکستان اسٹاک مارکیٹ ایک بار پھر بلندی کی جانب گامزن ہے

کراچی(پینانیوز) پاکستان اسٹاک مارکیٹ ایک بار پھر بلندی کی جانب گامزن ہے اور گزشتہ چند سالوں کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ(بقیہ نمبر 50)

پنڈدادنخان کھیوڑہ جانیوالی سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار

چسم فیکٹریوں ٹوٹی پھوٹی سڑک اور دیگر کارخانوں کے باعث آلودگی کی آماجگاہ بن گئی، سڑک پر دن بھر اڑنے والی مٹی دردسر بن گئی

سڑک پر دن بھر اڑنے والی مٹی نے آلودگی کی شکل اختیار کر کے زندگی اجیرن بنا رکھی ہے، حکام فوری نوٹس لیں

پنڈدادنخان (سرفرازعباس سے)، پنڈ دادنخان کھیوڑہ روڈلاری اڈاپنڈ دادن خان سے کان نمک تک دن بھر اڑنے والی دھول مٹی سینکڑوں کی تعداد میں انے والے سیاحوں کا استقبال کرتی ہے وہیں پر صبح سویرے سکول جانے والے بچوں اور کھیوڑہ پنڈدادنخان کے درمیان سفر کرنے والوں ہزاروں افراد کو سخت متاثر کر رہی ہے بچے طرح طرح کی مہلک بیماریوں میں مبتلا (بقیہ نمبر 57)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن شجرکاری کے فروغ اور قیمتی زرمبادلہ کیلئے کاربن کریڈٹس کے حصول سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سابق لیگی ایم این اے حنیف عباسی ہنگامہ آرائی کیس میں بری

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی ڈسٹرکٹ کورٹ نے ن لیگ کے رہنما اور سابق ایم این اے حنیف عباسی کو ہنگامہ آرائی کیس میں بری کر دیا۔ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نوید اختر لون نے حنیف عباسی کے خلاف ہنگامہ آرائی کیس کی سماعت کی، حنیف(بقیہ نمبر 44)

توہین الیکشن کمیشن کیس: چیئرمین پی ٹی آئی، اسد عمر، فواد پر فرد جرم عائد نہ ہوسکی

اسلام آباد(اے ایف پی) توہین الیکشن کمیشن کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی، اسد عمراور فواد چودھری پرفرد جرم آج بھی عائد نہ ہوسکی۔ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں چار رکنی کمیشن نے توہین الیکشن کمیشن و(بقیہ نمبر 45)

بشریٰ بی بی کے سابق شوہر خاور مانیکا کو رہا کرنے کا حکم

درخواست گزار کو ایک لاکھ روپے کے مچلکے بطور ضمانت داخل کرانے کی ہدایت

لاہور (پینانیوز) ہائی کورٹ نے سابق خاتون اول بشری بی بی کے سابق شوہر خاور فرید مانیکا کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔زمین پر قبضے اور ناجائز تعمیرات سے(بقیہ نمبر 46)

اسٹاک مارکیٹ میں نیا ریکارڈ قائم، ہنڈرڈ انڈیکس 56ہزار پوائنٹس کی سطح عبور کر گیا

کراچی(اے ایف پی) پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں نیا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے ہنڈرڈ انڈیکس 56ہزار پوائنٹس کی نفسیاتی حد عبور کر گیا ہے۔کاروباری ہفتے کے پہلے روز ہی پاکستان اسٹاک ایکسچینج سٹاک مارکیٹ (بقیہ نمبر 58)

غیر قانونی رہائش پذیر افراد آزادانہ گھومنے پھرنے لگے

رجسٹرڈ غیر ملکی باشندوں کو ملنے والی مہلت سے غیر رجسٹرڈ غیر ملکیوں کی موجیں لگ گئیں

چکوال شہر سمیت ضلع بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کیخلاف آپریشن ٹھپ

چکوال (خاور شہزاد) وفاقی حکومت کی جانب سے ملک میں مقیم رجسٹرڈ افغان مہاجرین کو دی جانے والی 6ماہ کی مہلت کے منفی اثرات، چکوال میں ضلعی سطح پرغیر رجسٹرڈ افغان باشندوں اور دیگر غیر ملکیوں کیخلاف آپریشن بھی ٹھپ ہو کر رہ گیا،واضح رہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے ملک بھر میں غیر قانونی طور پر رہنے والے غیر ملکی باشندوں (بقیہ نمبر 59)

IMO
NATIONAL SEMINAR
2023
On the Ratification & Implementation of Hong Kong Convention in Pakistan
n & Sustainable Ship Recycling in Pakistan
13 | NOV | 23

کراچی، معاون خصوصی بحری امور کے حوالے ایڈمرل (ریٹائرڈ) افتخار راؤ ہانگ کانگ کنونشن پر ریڈفلو ریٹیفیکیشن کی توثیق کے نفاذ پر آئی ایم او سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف غیر شرعی نکاح کیس کی سماعت ملتوی

اسلام آباد(اے ایف پی) چیئرمین پی ٹی آئی اور بشری بی بی کیخلاف غیر شرعی نکاح کیس کی سماعت ملتوی کر دی گئی۔ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں چیئرمین پی ٹی آئی اور بشری بی بی کے خلاف مبینہ غیر شرعی نکاح کیس کی سماعت ہوئی، درخواست(بقیہ نمبر 61)

اے این ایف کا منشیات سمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن

110 کلوگرام چرس برآمد، 3 ملزمان گرفتار، مقدمات درج، تحقیقات شروع

راولپنڈی(پینانیوز) اے این ایف نے منشیات سمگلنگ کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران 4 کارروائیوں میں 110 کلوگرام چرس برآمد کرلی اور 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔اے این ایف ترجمان کے مطابق علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ(بقیہ نمبر 60)

گیس چوری میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں جاری

گیس چوری کریک ڈاؤن: پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 87 گیس کنکشن منقطع

128 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کئے گئی اور 45لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کئے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 87 گیس کنکشن منقطع کردیے، 128انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کردیے گئے ۔ جبکہ 45لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے ۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 6 گھریلو کنکشن منقطع کیے گئے جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 12 کنکشن منقطع کیے ۔بہاولپور میں کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے گئے اور 58 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے (بقیہ نمبر 47)

لاہور، سیاح رنگیلے رکشے پر سوار ہو کر اندرون شہر کی سیر کر رہے ہیں

تحصیل گوجرخان سے قومی وصوبائی اسمبلی کے ٹکٹوں کے لیے قسمت آزمائی

آمدہ انتخابات کے سلسلے میں مسلم لیگ ن کے ٹکٹ کے حصول کے لیے کوششیں تیز

گوجرخان حلقہ پی پی 8 اور 9 سے اب دس امیدواروں نے درخواستیں جمع کروادیں

گوجرخان (قمرشہزاد) قومی وصوبائی اسمبلی کے آمدہ الیکشن میں مسلم لیگ ن کے ٹکٹ کے حصول کیلئے درخواستیں جمع کرانے کا سلسلہ جاری تحصیل گوجرخان سے اب تک دس امیدواروں نے ٹکٹ کے حصول کیلئے درخواست جمع کروائیں تفصیلات کے مطابق(بقیہ نمبر 51)

فلسطین ریلی پر طاقت کا استعمال؛ برطانوی وزیر داخلہ کو برطرف کردیا گیا

لندن(پینانیوز) برطانیہ میں بھارتی نژاد اور متنازع وزیرداخلہ سویلا بریورمین کو ان کے عہدے سے ہٹادیا گیا اور اب ان کی جگہ ممکنہ طور پر سیکرٹری خارجہ جیمز کلیورلی لیں گے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق وزیر اعظم رشی سونک نے وزیر داخلہ بریورمین کو حکمراں جماعت کے ارکان کی جانب سے شدید دباؤ کے بعد عہدے سے برطرف کردیا۔(بقیہ نمبر 53)

گوجرخان کے پوش ایریاز چوروں ڈکیتوں کے نشانے پر

ہاؤسنگ سکیم 1 میں چوری کی واردات، اہل خانہ کی غیر موجودگی میں گھر کا صفایا

گوجرخان (قمرشہزاد) گوجرخان شہر کے پوش ایریاز چوروں ڈکیتوں کے نشانے پر شہریوں کے جان ومال غیر محفوظ چور گروہ متعدد وارداتیں کرچکا ہے مگر پولیس تھانہ گوجرخان نے تاحال چور گرفتار نہ کرسکے صحافی کے گھر چوری کی واردات کے بعد پوش ایریا ہاؤسنگ (بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد، نگراں وفاقی وزیرصحت ڈاکٹرندیم جان کارجنگل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کا دورہ

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

آئی ایم ایف کی نئی شرط

فیڈرل بورڈ ریونیو (ایف بی آر) نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی شرط پر نئے لوگ ٹیکس نیٹ میں لانے اور ٹیکس چوری روکنے کے لیے الیکٹرانک سیلز ٹیکس انوائسنگ سسٹم نصب کرنے کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایف بی آر کی طرف سے ٹیئر ون میں شامل بڑے رجسٹرڈ ریٹیلرز و ٹیکس دہندگان کے لیے الیکٹرانک سیلز ٹیکس انوائس سسٹم کی تنصیب کو لازمی قرار دیے جانے کے بعد اب اس کا دائرہ کار دوسرے شعبوں تک بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت ایف بی آر جسے بھی نوٹیفائی کرے گا، اسے یہ الیکٹرانک سیلز ٹیکس انوائسنگ سسٹم نصب کرنا پڑے گا اور ایف بی آر کے سسٹم سے انٹیگریٹڈ رجسٹرڈ نوٹیفائیڈ سپلائرز الیکٹرانک سیلز ٹیکس انوائسنگ سسٹم کے بغیر اشیاؤ خدمات کی سپلائی نہیں کرسکیں گے۔ وزارتِ خزانہ، ایف بی آر، سٹیٹ بنک اور وزارت توانائی کے ساتھ ہونے والے مذاکرات میں وزارت خزانہ کو آئی ایم ایف سے سخت مطالبات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وزارت توانائی سے بھی نئے مطالبات کیے جاسکتے ہیں۔ آئی ایم ایف جس انداز سے پاکستان سے اپنی ہر کڑی شرط منوا رہا ہے اس سے یہی عندیہ ملتا ہے کہ ہمارے کرتا دھرتاں نے ملک کو اس کے پاس گروی رکھ دیا ہے۔ ٹیکس وصولی کے لیے جس طرح ڈکٹیشن آئی ایم ایف دے رہا ہے اگر از خود یہ طریقہ کار اختیار کر لیا جاتا تو ٹیکس کے حوالے سے کئی معاملات درست ہو جاتے اور ٹیکس کے نظام میں بھی بہتری آ جاتی۔ المیہ یہ ہے کہ آئی ایم ایف کے کہنے پر صرف چھوٹے تاجروں اور پرچون فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کیوں کیا جاتا ہے اور بڑے بڑے سرمایہ داروں کو استثنٰی کیوں دیا جا رہا ہے۔ سرکاری افسران بھاری مراعات لینے کے باوجود ٹیکس نیٹ میں نہیں آتے، جو ٹیکس ادا کرتے ہیں وہ واجب الادا ٹیکس سے کئی گنا کم ہوتا ہے۔ جب تک اشرافیہ اور حکمران طبقات کو شفاف طریقے سے ٹیکس نیٹ میں نہیں لایا جائے گا ٹیکس ریونیو کے اہداف کبھی پورے نہیں ہو پائیں گے۔ آئی ایم ایف خود بارہا کہہ چکا ہے کہ سرمایہ داروں کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے اور مہنگائی کا بوجھ بھی اشرافیہ کی طرف منتقل کیا جائے مگر حکمران طبقات اس کی اس شرط پر کان نہیں دھرتے، مہنگائی کا سارا بوجھ غریب عوام کی طرف ہی منتقل کیے جا رہے ہیں۔ بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کے نرخ پہلے ہی غریب آدمی کی پہنچ سے دور ہو چکے ہیں، ان کے بلوں کی ادائیگی اس کے لیے وبال جان بنی ہوئی ہے، اگر آئی ایم ایف کے مطالبے پر ان پر مزید بوجھ ڈالا گیا تو حکومت کے لیے مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں۔ اس لیے اب غریب طبقہ کو قربانی کا بکرا بنانے کے بجائے اشرافیہ اور حکمران طبقات کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے اور آئی ایم ایف کو اتنی کھلی چھوٹ بھی نہ دی جائے کہ پاکستان کا وقار، سالمیت اور اس کی خودمختاری داؤ پر لگ جائے۔

کرکٹ ورلڈ کپ: پاکستان کی شکست کی وجوہات کا ذمہ دار کون؟

رحمت عزیز خان چترالی*

rachitrali@gmail.com

کرکٹ ورلڈ کپ ایک چار سالہ بین الاقوامی میچ ہے جسے دنیا بھر کے لاکھوں شائقین دلچسپی سے دیکھتے ہیں۔ اس کھیل کی تاریخ 48 سال پر محیط ہے، اس ٹورنامنٹ میں پاکستان نے کرکٹ کے کھیل کے عروج وزوال کا مشاہدہ کیا ہے، اور ہندوستان میں جاری 13واں ورلڈ کپ ٹورنامنٹ بھی پاکستان کے لیے نیک شگون ثابت نہیں ہوا۔ تاریخی پس منظر کا جائزہ لینے سے پتہ چلتا ہے کہ آسٹریلیا پانچ ٹائٹلو کے ساتھ غیر متنازعہ چیمپئن بن کر ابھرے گا اس کے بعد ویسٹ انڈیز اور بھارت دو دو کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں اور پاکستان اور سری لنکا نے ایک ایک بار میچ جیت چکے ہیں۔

ورلڈ کپ ٹورنامنٹ شائقین کے لیے ایک دم توڑ دینے والے لحات سے کم نہیں ہیں، اس میں حریفوں سے مقابلہ اور غیر متوقع نتائج کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کرکٹ میچ میں ہر ٹیم اپنی ماضی کی ہار جیت سے قطع نظر اس عظیم الشان کرکٹ ٹورنامنٹ میں جیت اور ہار کا تجربہ کرتی ہے ۔ جیسا کہ ہم ورلڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کی تاریخوں کا مطالعہ کرتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ کرکٹ کھیل کی غیر متوقع نوعیت میں ہار جیت کا ایک بار بار چلنے والا موضوع سامنے آتا ہے۔

کرکٹ ورلڈ کپ کے موجودہ ٹورنامنٹ میں پاکستان کا کرکٹ کا سفر کسی کھٹارہ گاڑی کی سواری سے کم نہیں رہا۔ ٹیم کو سیمی فائنل تک پہنچنے سے پہلے ٹورنامنٹ سے غیر متوقع طور پر باہر ہونے کا سامنا کرنا پڑا، جس سے شائقین اور کرکٹ کے مبصرین حیران رہ گئے۔ تاہم یہ مایوسی پاکستان کے لیے بہت بڑی بدنامی بھی ہے، جس کا آزالہ بہت ضروری ہے۔

نیوزی لینڈ کے خلاف فیصلہ کن فتح کے بعد پاکستانی ٹیم نے اپنی ورلڈ کپ مہم کو بحال کرتے ہوئے انگلینڈ کو شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ پکی کر لی تھی۔ بچ اگرچہ رکاوٹوں کے بغیر نہیں تھی اور پاکستان کرکٹ ٹیم کو تین اہم میچ جیت کر اعلیٰ رن ریٹ برقرار رکھنے کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی تھی لیکن بدقسمتی سے 9ویں میچ میں انگلینڈ نے پاکستان کو 93 رنز سے شکست دے کر ورلڈ کپ سے باہر کردیا۔ پاکستانی ٹیم کا یہ ہار ٹورنامنٹ میں بابر الیون کی پانچویں شکست ہے ، جس میں افغانستان کے خلاف غیر متوقع شکست بھی شامل ہے ۔ نو میچوں میں سے صرف چار جیت اور 0.19% کے رن ریٹ کے ساتھ شائقین اور کرکٹ کے لیجنڈز کی جانب سے پاکستان کی شکست پر سوالات کی بھرمار ہو رہی ہے۔

کرکٹ کے مایہ ناز کھلاڑی بشمول وسیم اکرم اور پی سی بی کے سابق چیئرمین رمیز راجہ جیسی قابل احترام شخصیات نے پاکستانی کرکٹ ٹیم انتظامیہ کے خلاف مایوسی اور تنقید کا اظہار کیا ہے۔ جب کہ مبصرین کی طرف سے یہ آراء بھی گردش کرتی ہیں، کہ کرکٹ انتظامیہ کا ردعمل پاکستان کی اس ہار کے معاملے میں مضحکہ خیز رہا ہے۔

پاکستان میں کرکٹ صرف ایک کھیل ہی نہیں بلکہ یہ پاکستانی قوم کی ثقافت میں جڑا ہوا ایک جذبہ بھی ہے۔ جسے پاکستانی بڑی شوق سے دیکھتے ہیں، حالیہ ورلڈ کپ میں پاکستان کی شکست منصوبہ بندی اور بہترین انتظام کی ضرورت پر زور دیتا ہے گو کہ جیت اور ہار کھیل میں شامل ہے لیکن موثر انتظام اس بات کو یقینی بنا سکتا ہے کہ پاکستان کی کرکٹ عالمی افق پر چمکتی رہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کا از سر نو جائزہ لے، کرکٹ کے کھیل میں موجود کمزوریوں کو دور کرے اور مستقبل کے ٹورنامنٹس میں مسلسل کامیابی کے لیے اپنے راستے کا تعین کرے۔

*رحمت عزیز خان چترالی کا تعلق چترال خیبر پختونخوا سے ہے، اردو، کھوار اور انگریزی میں لکھتے ہیں۔ آپ کا اردو ناول "کافرستان"، اردو سفرنامہ "ہندوکش سے ہمالیہ تک"، افسانہ ''تلاش ''خودنوشت سوانح عمری ''چترال کہانی''، پھوپھوکان اقبال (بچوں کا اقبال) اور فکر اقبال (کھوار) شمالی پاکستان کے اردو منظر نامے میں بڑی اہمیت رکھتے ہیں، کھوار ویکیپیڈیا کے بانی اور منتظم ہیں، آپ پاکستانی اخبارارت، رسائل و جرائد میں حالات حاضرہ، ادب، ثقافت، اقبالیات، قانون، جرائم، انسانی حقوق، نقد و تبصرہ اور بچوں کے ادب پر پرتواتر سے لکھ رہے ہیں، آپ کی شاندار خدمات کے اعتراف میں آپ کو بے شمار ملکی و بین الاقوامی اعزازات، ورلڈ ریکارڈ سرٹیفکیٹس، طلائی تمغوں اور اسناد سے نوازا جا چکا ہے۔ کھوار زبان سمیت پاکستان کی چالیس سے زائد زبانوں کے لیے ہفت پلیٹ فارمی کلیدی تختیوں کا کیبورڈ سافٹویئر بنا کر عالمی ریکارڈ قائم کر کے پاکستان کا نام عالمی سطح پر روشن کرنے والے پہلے پاکستانی ہیں۔ آپ کی کھوار زبان میں شاعری کا اردو، انگریزی اور گوجری زبان میں تراجم کیے گئے ہیں، اس واٹس ایپ نمبر 03365114595 اور rachitrali@gmail.com پر ان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

گردے فیل کیوں ہوتے ہیں؟

لندن (سی ایم لنکس) گردے ہمارے جسم کا انتہائی اہم عضو ہیں، یہ خون میں موجود اضافی سیال اور کچرے کو فلٹر کرتے ہیں۔ یہ جسم کے پی ایچ لیول، نمک اور پوٹاشیم کو کنٹرول کرتے ہیں، یہ ایسے ہارمونز بھی پیدا کرتے ہیں جو خون کے سرخ خلیوں کی پیداوار کو کنٹرول کر کے پورے جسم میں آکسیجن پہنچاتے ہیں۔ اگر ان کے افعال متاثر ہونے پر کچرا جمع ہونے لگتا ہے، ان کی صحت کا خیال رکھنا ہر ایک کے لیے ضروری ہے تا کہ بھرپور زندگی گزاری جا سکے۔ گردوں کے امراض کے شکار افراد میں دل کی شریانوں سے جڑے امراض کا خطرہ بھی بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے، حالیہ چند دہائیوں کے دوران دنیا بھر میں گردوں کے امراض کی شرح میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ آخر گردے فیل کیوں ہوتے ہیں؟ گردوں کو صحت مند رکھنے کا طریقہ جاننے سے پہلے، یہ سمجھنا ضروری ہے کہ آخر گردے فیل ہونے کی وجہ کیا ہے۔ گردے فیل ہونے کی ایک عام وجہ ذیابیطس ہے، گردوں کے فیل ہونے والے کیسز کا مشاہدہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ 50 فیصد کیسز میں ذیابیطس جبکہ 20–25 فیصد کیسز میں ہائی بلڈ پریشر اس کی وجہ بنتا ہے، اس کے علاوہ گردے کی پتھری، پیشاب کی نالی کے انفیکشن (یو ٹی آئی)، اور سوزش کے امراض بھی گردے فیل ہونے کی وجوہات میں شامل ہیں۔ ماہرین کے مطابق اگر آپ ذیابیطس کے مریض ہیں تو، اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اسے کنٹرول میں رکھیں۔ اس کے ساتھ نمک کے استعمال پر بھی غور کریں، اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کو ہائی بلڈ پریشر کی شکایت ہے یا نہیں، آپ کو اپنی غذا میں نمک کا کم سے کم استعمال کرنا ہے یہ آپ کے گردوں کو طویل عرصے تک صحت مند رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ گردوں کو صحت مند رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ موٹاپے سے بچا جائے، موٹاپا بھی گردوں کی بیماری کی ایک اہم وجہ ہے۔ جنک فوڈ سے پرہیز کیا جائے۔

نبی رحمت ﷺ

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

روزِ محشر جب سورج سوا نیزے پر ہوگا کوئی کسی کا پرسان حال نہ ہوگا افراتفری کا عجب عالم ہوگا خدا کا غضب اور جلال پورے عروج پر ہوگا اس وقت صرف ایک ہی مہربان شفیق ہستی ہوگی جس کی دربار الٰہی میں شنوائی ہوگی اس دن شفاعت کی کنجی صرف آپ ﷺ ہی کے ہاتھ میں ہوگی یہاں پر میں حضرت ابن عباس کی بیان کردہ حدیث لکھنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں کہ جنت کے دروازے پر لکھا ہوا ہے کہ میں اللہ ہوں اور میرے بغیر اور کوئی خدا نہیں ہے اور محمد مصطفی ﷺ میرے رسول ہیں جس نے یہ کلمہ پڑھا میں اس کو عذاب نہیں دوں گا رب ذولجلال نے حضرت آدم علیہ السلام کو وحی میں ارشاد کیا مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم تیری اولاد میں ہی ہستی خاتم النبین ہے اور اگر یہ نہ ہوتے تو اے آدم میں تجھے بھی پیدا نہ کرتا۔ حضرت سلمان فارسی سے مروی ہے کہ ایک دن جبرائیل امین بارگاہ نبوت میں حاضر ہوئے اور عرض کی بیشک آپ کا رب فرماتا ہے اگر چہ میں نے ابراہیم کو خلیل بنایا ہے لیکن آپ کو میں نے اپنا حبیب بنایا ہے میں نے آج تک کوئی ایسی چیز پیدا نہیں کی جو آپ ﷺ سے زیادہ میرے نزدیک مکرم ہو میں نے دنیا اور اِس کے رہنے والوں کو اِس لیے پیدا کیا تا کہ میں آپ ﷺ کی کرامت اور آپ ﷺ کے درجہ مقام سے ان کو آگاہ کروں اگر آپ ﷺ کی ذات نہ ہوتی تو میں دنیا کو بھی پیدا نہ کرتا۔ خدا کا اپنے محبوب پاک ﷺ سے لگا ہے حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ رسول اقدس ﷺ نے فرمایا جس روز اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کے درمیان فیصلہ کرنے کا ارادہ فرمائے گا تو منادی کرنے والا بلند آواز سے اعلان کرے گا کہاں ہیں محمد مصطفی ﷺ اور کہاں ہے ان کی امت تو میں کھڑا ہو جاں گا میری امت میرے پیچھے پیچھے ہوگی ان کی پیشانیاں اور ان کے پاں وضو کے اخر سے چاند کی طرح روشن اور چمک رہے ہونگے

اِس کے بعد نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ ہم سب سے آخر میں آنے والے ہیں اور جنت میں سب سے پہلے داخل ہونے والے ہیں اور ہمارا سب سے پہلے حساب ہوگا اور باقی امتوں کو یہ حکم ہوگا کہ وہ ہمارا راستہ صاف کر دیں میری اور میرے غلاموں کی یہ شان اور عزت افزائی دیکھ کر باقی ساری امتیں حیران وششدر رہ جائیں گی اور کہیں گی یوں محسوس ہوتا ہے کہ یہ سارے انبیا ہیں پیارے آقا کریم ﷺ کی شان اِس حدیث مبارکہ ہے اور بھی واضح اور بلند ہو جاتی ہے حضرت کعب بن مالک روایت کرتے ہیں قیامت کے دن اللہ تعالی تمام لوگوں کو میدان حشر میں جمع فرمائے گا میں اور میری امت ایک اونچے ٹیلے پر ہوں گے میرا پروردگار اس دن مجھے سبز پوشاک پہنائے گا پھر مجھے لب کشائی کی اجازت دی جائے گی اور جو اللہ تعالی چاہے گا میں وہ کہوں گا یہ مقام محمود ہے ۔ حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں کہ سرور دو جہاں ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن مجھے عرش کی دائیں جانب ایسے مقام پر کھڑا کیا جائے گا جہاں کسی اور کو قدم رکھنے کی مجال نہ ہوگی اس وقت اولین وآخریں میرے ساتھ رشک کریں گے۔ حضرت ابنِ عباس سے مروی ہے کہ ایک دن نبی دو جہاں ﷺ کے انتظار میں کچھ صحابہ کرام ایک جگہ بیٹھے تھے کہ نور مجسم اپنے حجرہ مبارک سے جلوہ گر ہوئے تو اس جگہ جا کر کھڑے ہو گئے جہاں صحابہ کرام بیٹھے آپس میں گفتگو کر رہے تھے کسی نے تعجب کرتے ہوئے کہا اللہ تعالی نے اپنی مخلوق میں سے حضرت ابراہیم کو اپنا خلیل بنالیا تو دوسرے نے کہا حضرت موسی کے ساتھ اللہ تعالی نے کلام فرمایا تو کسی نے کہا حضرت عیسی اللہ کا کلمہ اور روح ہیں کسی نے کہا حضرت آدم کو اللہ تعالی نے چن لیا رسول اقدس ﷺ کچھ دیر خاموشی سے اپنے غلاموں کی گفتگو سنتے رہے پھر ان کے پاس تشریف لائے اور اپنے صحابہ کرام سے مخاطب کرتے ہوئے فرمایا میں نے تمہاری گفتگو سنی ہے اور تمہاری حیرت کا اندازہ بھی کیا ہے تم نے کہا ابراہیم خلیل اللہ ہیں بیشک وہ اس کے خلیل ہیں موسی نجی اللہ ہیں بیشک وہ ایسے ہی ہیں عیسی روح اللہ اور اس کا کلمہ ہیں بیشک وہ ایسے ہیں اللہ تعالی نے آدم کو چنا بیشک یہ صحیح ہے لیکن اے میرے غلاموں کان کھول کر سن لو میں اللہ کا حبیب ہوں اور میں یہ بات فخر یہ نہیں کہہ رہا قیامت کے دن حمد کا جھنڈا میں نے اٹھایا ہوگا آدم اور تمام انبیا اس کے سائے میں ہونگے میں یہ فخر یہ نہیں کہہ رہا سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہوگی میں بطور فخر یہ نہیں کہہ رہا سب سے پہلے جنت کے کنڈے کو میں ہی جنبش دوں گا اللہ تعالی میرے لیے جنت کے دروازے کھولے گا پھر مجھے اس میں داخل کرے گا اور میرے ساتھ میری امت کے فقرا کا ایک جم غفیر ہوگا یہ بات میں بطور فخر نہیں کہہ رہا میں تمام پہلے لوگوں اور پچھلے لوگوں سے اللہ کی بارگاہ میں زیادہ مکرم ومحترم ہوں اور میں یہ بات فخر یہ نہیں کہہ رہا بلکہ اظہار حقیقت کر رہا ہوں حضرت ابو ہریرہ روایت کرتے ہیں نبی رحمت ﷺ نے فرمایا سب سے پہلے میری قبر شریف کھلے گی اور میں باہر آں گا مجھے جنت کی پوشاکوں سے ایک خلعت پہنائی جائے گی پھر عرش الٰہی کی دائیں جانب کھڑا ہونگا میرے علاوہ کسی کو اس مقام پر کھڑا ہونے کا شرف نصیب نہیں ہوگا حضرت انس بن مالک سے مروی ہے کہ شافع محشر ﷺ نے فرمایا روز محشر تمام لوگوں سے پہلے میں مرقد انور سے باہر نکلوں گا جب لوگ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہونے کے لیے جائیں گے تو اس خاص وقت میں ان سب کا قائد ہوں گا جب وہ مہر بلب ہونگے اس وقت میں ان کا خطیب ہوں گا جب انہیں روک دیا جائے گا اس وقت صرف میں ان کی شفاعت کروں گا اور جب وہ مایوس ہو جائیں گے اس وقت میں ان کو مغفرت کی خوشخبری سناں گا اس دن ساری عزتیں اور سارے خزانوں کی کنجیاں میرے ہاتھ میں ہوں گی حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا روز محشر بارگاہ الٰہی میں خدا کے دربار میں حضرت آدم کی تمام اولاد سے میں ہی زیادہ محترم ومکرم اور شان والا ہوں گا اس دن ایک ہزار خادم میری خدمت کے لیے جنت میں دست بستہ حاضر ہوں گے وہ خادم اتنے زیادہ خوبصورت ہونگے جیسے چھپائے ہوئے خوبصورت انڈے ہوں یا چمکتے ہوئے بکھرے ہوئے موتی ہوں۔

شوبز SHOWBIZ

بچوں کی تربیت میں والدین کا کلیدی کردار ہوتا ہے

معاشرے میں عدم برداشت اور اسی طرز کے دیگر منفی رجحانات فروغ پا رہے ہیں' فضیلہ قیصر

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ فضیلہ قیصر نے کہا ہے کہ بچوں کی تربیت میں والدین کا کلیدی کردار ہوتا ہے، معاشرے میں عدم برداشت اور اسی طرز کے دیگر منفی رجحانات تیزی سے فروغ پا رہے ہیں لیکن بدقسمتی سے ان کی روک تھام یا اصلاح کیلئے عملی طور پر کاوشیں ہوتی ہوئی دکھائی نہیں دیتیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے بڑی بڑی فیسیں تو مانگتے ہیں لیکن یہاں کردار سازی پر توجہ نہیں دی جاتی جبکہ والدین بھی اپنی مصروفیات کے باعث بچوں کو اس طرح وقت نہیں دیتے جس کی انہیں ضرورت ہے جس کے منفی نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔

پرینیتی چوپڑا نے راگھو چڈھا کو اپنی 'دوا' قرار دیدیا

آج میرا پسندیدہ دن، میرے شوہر کو سالگرہ مبارک ہو، میرا انتخاب کرنے کیلئے شکریہ

ممبئی (این این آئی) اداکارہ پرینیتی چوپڑا نے شوہر راگھو چڈھا کو اپنی 'دوا' قرار دے دیا۔ راگھو چڈھا کی سالگرہ پر اہلیہ واداکارہ پرینیتی چوپڑا نے انسٹاگرام اکاونٹ پر شوہر کیلئے محبت بھرا پیغام جاری کیا۔ پرینیتی چوپڑا نے راگھو چڈھا کے ساتھ گزارے گئے زندگی کے چند حسین لمحوں کی تصاویر پوسٹ کیں، جن میں سے ایک تصویر میں اداکارہ کے پاؤں پر مہندی بھی لگی ہوئی ہے۔ اداکارہ نے راگھو چڈھا سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ میری راگائی! آپ خدا کی طرف سے مجھے ملنے والے تمام تحائف میں سب سے بہترین تحفہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی ذہانت، آپ کی سوچ ہمیشہ مجھے متاثر کرتی ہے۔

عائزہ خان کی تنقید کے بعد فلسطینیوں کے حق میں پوسٹ

اے اللہ فلسطین کے لوگوں کی مدد فرما اور انہیں ظالموں پر غلبہ نصیب فرما

کراچی (این این آئی) اداکارہ عائزہ خان نے تنقید کا سامنے کرنے کے بعد مداحوں کی خواہش پر فلسطینیوں کے حق میں دعائیہ پوسٹ شیئر کر دی۔ انسٹاگرام پر اداکارہ نے اسٹوری شیئر کی جس میں انہوں نے فلسطینیوں کی فتح کیلئے دعا کی۔ انہوں نے قبلہ اول مسجد اقصیٰ کی تصویر شیئر کی ہے جس کے ساتھ چند دعائیہ الفاظ لکھے ہیں کہ اے اللہ فلسطین کے لوگوں کی مدد فرما اور انہیں ظالموں پر غلبہ نصیب فرما۔

حمائمہ ملک 18 نومبر کو 36ویں سالگرہ منائینگی

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ حمائمہ ملک 18 نومبر 36ویں سالگرہ منائیں گی۔ حمائمہ ملک 18 نومبر 1987ء کو کوئٹہ میں پیدا ہوئیں اور اپنے کیریئر کا آغاز کراچی میں ماڈلنگ سے کیا جس کے بعد وہ ٹی وی ڈراموں میں جلوہ گر ہوئیں اور اپنی علیحدہ پہچان بنائی۔ حمائمہ ملک کو اصل شہرت ہدایتکار شعیب منصور کی فلم ''بول'' سے ملی جس میں کام کرنے کے بعد وہ شہرت کی بلندیوں پر پہنچ گئیں۔ بعدازاں ان کو بھارتی فلموں کی پیشکش بھی ہوئی اور انہوں نے بالی وڈ کی فلموں میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔

ڈاکٹر بننے کی خواہش تھی قسمت شوبز کی دنیا میں لے آئی' صوفیہ مرزا

ماڈلنگ کی نسبت اداکاری زیادہ مشکل ہے، اچھا برا وقت زندگی کا حصہ ہے

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ صوفیہ مرزا نے کہا ہے کہ ڈاکٹر بننے کی خواہش تھی مگر قسمت مجھے شوبز کی دنیا میں لے آئی۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ میں ڈاکٹر بن کر انسانیت کی خدمت کرنا چاہتی تھی مگر حالات نے اس طرح پلٹا کھایا کہ میں شوبز کی دنیا میں آگئی، 2003ء میں بطور ماڈل اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا جس کے بعد پھر اداکاری بھی شروع کر دی اور ڈاکٹر بننے کا خواب ادھورا رہ گیا۔ انہوں نے کہا کہ ماڈلنگ کی نسبت اداکاری زیادہ مشکل ہے۔ زندگی میں اچھا برا وقت چلتا رہتا ہے اور یہ زندگی کا حصہ ہے۔

صوفیانہ کلام میں گلوکارہ عابدہ پروین سے بڑی متاثر ہوں

ہمارے پاس موسیقی کے شعبے میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے' حمیرا اچنا

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ حمیرا اچنا نے کہا ہے کہ صوفیانہ کلام میں گلوکارہ عابدہ پروین سے بڑی متاثر ہوں، ہر کوئی صوفیانہ کلام کو نہیں گا سکتا اس کیلئے گلوکار کے اندر ایسی ایک روشنی موجود ہونی چاہیے جو صوفیانہ کلام کو جلا بخش سکے اور اس میں مجھے عابدہ پروین سب سے آگے نظر آتی ہیں۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ مجھے موجودہ گلوکاروں میں شازیہ منظور پسند ہیں جو لے اور سُر کو اچھے طریقے سے سمجھتی ہیں جبکہ نئی گلوکاروں میں آئمہ بیگ نے مجھے متاثر کیا ہے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ مجھے پاکستان میں موسیقی کا مستقبل روشن نظر آتا ہے، جتنا ٹیلنٹ ہمارے پاس موجود ہے اگر ان کو موقع دیا جائے تو وہ پوری دنیا میں اپنی صلاحیتوں کو منوا سکتے ہیں۔

نوری نت کے کردار کو خود سے الگ نہیں کر سکا' مصطفیٰ قریشی

کوئی بھی سامنے آئے لیکن انڈسٹری کو عروج ملنا چاہیے' انٹرویو میں گفتگو



لاہور (این این آئی) فلم انڈسٹری کے سینئر اداکار مصطفیٰ قریشی نے کہا ہے کہ فلموں میں مختلف کردار نبھائے ہیں لیکن پرستار مجھے پنجابی فلموں کے ولن کے طور پر پہچانتے ہیں، ''مولا جٹ'' میں نوری نت کا کردار میرے ساتھ ایسا جڑا کہ آج تک میں خود کو اس سے الگ نہیں کر سکا۔ ایک انٹرویو میں مصطفیٰ قریشی نے کہا کہ پنجابی فلم ''عالی جاں'' میں میں نے کامیڈی کردار نبھایا اور اسے پرستاروں نے بیحد پسند بھی کیا لیکن اس کے باوجود پنجابی فلموں میں ولن کے کردار میری پہچان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعدد فلموں میں لازوال اور یادگار کردار نبھائے ہیں۔

سپورٹس SPORTS

کریمپ کیوں آتے ہیں؟ یہ کھلاڑی دبا برداشت نہیں کر سکتے، شعیب ملک

ورلڈ کپ کے دوران پاکستان سمیت تمام ٹیموں نے ٹریولنگ کی ہے

کراچی (پینا نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک نے ورلڈ کپ دوران ٹریولنگ کو بہانے بازی قرار دیدیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر)ایکس (پر ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں وہ سابق کرکٹر وسیم اکرم کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ورلڈ کپ کے دوران پاکستان سمیت تمام ٹیموں نے ٹریولنگ کی ہے، آپ نے گلین میکسویل کو بھی دیکھا انہیں افغانستان کے خلاف میچ میں کریمپ آئے لیکن انہیں مخصوص دوائیاں دی گئیں تو ختم ہو گیا۔ شعیب ملک نے کہا کہ ہمارے کرکٹرز اور سپورٹ اسٹاف سے پوچھیں۔

ورلڈ کپ میں ناقص پرفارمنس؛ رمیز راجا نے تنقید کے نشتر چلا دیئے

نئی بال پر جب ہمارے گیند باز وکٹیں نہیں لیں گے تو بابر اعظم کپتانی کیا کرے گا؟

لاہور (پینا نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (کے سابق چیئرمین اور کمنٹیٹر رمیز راجا نے ورلڈ کپ 2023 سے قومی ٹیم کے باہر ہونے پر صحافیوں اور بورڈ پر تنقید کے نشتر چلا دیے۔ سوشل میڈیا پر اپنے چینل پر گفتگو کرتے ہوئے سابق کرکٹر رمیز راجا نے کہا کہ فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی اور حارث رف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ نئی بال پر جب ہمارے گیند باز وکٹیں نہیں لیں گے تو بابر اعظم کپتانی کیا کرے گا؟۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ کپ کے دوران بورڈ نے کپتان اور عہدیدار کی واٹس ایپ چیٹ لیک کردی۔

نا کام ورلڈ کپ مہم پر سابق اسٹارز بھی سخت مایوس

کراچی (پینا نیوز) ناکام ورلڈ کپ مہم پر سابق اسٹارز بھی سخت مایوس ہیں۔ ورلڈ کپ میں ایک بار پھر پاکستانی ٹیم کے سفر کا لیگ راؤنڈ میں ہی اختتام شائقین کے ساتھ سابق کرکٹ کو بھی کافی برا محسوس ہو رہا ہے، 2019 کے میگا ایونٹ میں بھی پاکستان ٹیم کو سیمی فائنل میں رسائی کیلیے رن ریٹ میں بہت زیادہ بہتری درکار تھی، جس کیلیے بنگلہ دیش کو 300 رنز سے شکست دینا تھی اور اب اس بار انگلینڈ کے خلاف میچ سے قبل ایسی ہی صورتحال درپیش رہی۔ سابق کپتان وسیم اکرم نے کہا کہ 4 برس پہلے بھی یہی حال تھا، اب بھی وہی صورتحال ہے ، اگلے 4 سال میں بھی یہی ہونے والا ہے، ہم مسائل کا حل نہیں ڈھونڈتے اور نہ ہی مناسب پلاننگ کرتے ہیں۔

سب سے زیادہ مایوس کن بابر کی کپتانی یا ان کی بیٹنگ؟ بھارتی صحافی

بطور کپتان کچھ غلطیاں ہوئی ہوں گی، صرف کپتان نے کرکٹ نہیں کھیلی، وسیم اکرم

نئی دہلی (این این آئی) ورلڈ کپ میں بابر اعظم کی کپتانی اور ان کی بلے بازی سے متعلق بھارتی صحافی وکرانت گپتا کے سوال پر سوئنگ کے سلطان اور سابق کرکٹر لیجنڈ وسیم اکرم نے اپنا ماہرانہ تجزیہ پیش کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ بورڈ کے سسٹم کو بھی آڑے ہاتھوں لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انگلینڈ کے خلاف میچ کے ساتھ پاکستان کی ورلڈ کپ مہم اپنے اختتام کو پہنچ گئی جہاں اہم میچوں میں شکستوں کی وجہ سے ٹیم سیمی فائنل میں جگہ نہ بنا سکی۔ پاکستان نے بھارت میں جاری ورلڈ کپ میں اپنے 9 میچز میں سے 4 میں کامیابی اور 5 میں ناکامی کے ساتھ 8 پوائنٹس حاصل کیے اور اس کا رن ریٹ 0.199 رہا۔ پورے ورلڈ کپ میں قومی ٹیم کی خراب پرفارمنس کے حوالے سے بابر اعظم کی کپتانی پر تو پہلے ہی سوال اٹھ رہے تھے لیکن ساتھ ہی پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی مینجمنٹ پر بھی سینئر کرکٹرز نے سنجیدہ سوال اٹھائے تھے تاہم اب پڑوسی ملک بھارت کے نامور صحافی وکرانت گپتا نے بھی وسیم اکرم سے بابر اعظم کی پرفارمنس اور ان کی کپتانی سے متعلق سوال کیا ہے۔ سماجی پلیٹ فارم 'ایکس' ر وکرانت گپتا نے وسیم اکرم سے سوال پوچھا کہ کیا صرف کپتان کو مورد الزام ٹھہرانا مناسب ہے۔

دورہ آسٹریلیا، قومی ٹیسٹ ٹیم کا کیمپ اگلے ہفتے لگانے کی تجویز

پاکستان نے آسٹریلیا کے خلاف 3 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلنی ہے

لاہور (این این آئی) دورہ آسٹریلیا کی تیاری کیلئے پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ کا کیمپ آئندہ ہفتے لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے اعلیٰ عہدیداران دورہ آسٹریلیا کے لیے قومی ٹیم میں زیادہ تبدیلیوں کے حق میں نہیں ہیں۔ پاکستان نے آسٹریلیا کے خلاف 3 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلنی ہے، 14 دسمبر کو پہلے ٹیسٹ سے قبل ٹور میچ بھی کھیلا جائے گا، ٹور میچ 6 دسمبر سے کینبرا میں کھیلا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق آسٹریلیا کے خلاف سیریز کی تیاریوں کے لیے قومی ٹیم کا کیمپ آئندہ ہفتے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں لگانے کی تجویز سامنے آئی ہے، قومی ٹیسٹ اسکواڈ کے ارکان 20 نومبر کو رپورٹ کریں گے اور 21 نومبر سے ٹریننگ کا آغاز کریں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ آئندہ ہفتے مشاورتی عمل کا باقاعدہ آغاز کر رہا ہے، کل شروع ہونے والے ہفتے کے دوران ٹیسٹ اسکواڈ کے لیے سلیکشن کمیٹی کا اجلاس ہوگا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کے بعض اعلیٰ عہدیداران وقت کی کمی کے باعث قومی ٹیم میں زیادہ تبدیلیوں کے حق میں نہیں ہیں، اعلیٰ عہدیداران وائٹ بال کرکٹ کے لیے تبدیلیوں پر زور دے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان ٹیم کا اسکواڈ 2 دسمبر کو آسٹریلیا کے لیے روانہ ہوگا۔

LIPTON POLO
Pebble BREAKER

ہمیں اپنے گیم کا معیار بہتر کرنا ہوگا، مکی آرتھر

ہمیں بیٹنگ میں 300، 350 رنز تسلسل سے بنانا ہوں گے، ڈائریکٹر پاکستان کرکٹ بورڈ

کولکتہ (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ڈائریکٹر مکی آرتھر نے کہا ہے کہ ہم نے اپنی بہترین کرکٹ نہیں کھیلی، ہمیں اپنے گیم کا معیار بہتر کرنا ہوگا۔ انگلینڈ کے خلاف میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے مکی آرتھر نے کہا کہ ہمیں بیٹنگ میں 300،350 رنز تسلسل سے بنانا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو ٹیمیں بڑا اسکور کر رہی ہیں وہی کامیاب ہو رہی ہیں۔ کوچز ہر میچ میں پلیئرز کو تین سو سے زائد کا اسکور بورڈ پر سجانے کو کہتے ہیں۔ بولنگ پر بات کرتے ہوئے مکی آرتھر نے کہا کہ حارث روف نئی گیند کا بولر نہیں ہے، پرانی گیند سے اچھی بولنگ کرتا ہے۔

پاکستانی اسپن اور فاسٹ باؤلرز مشکلات کا شکار رہے، مصباح الحق

قومی ٹیم کے ورلڈ کپ میں جانے سے قبل کپتان سمیت ٹیم مینجمنٹ کو اہم مشورہ دیا تھا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان مصباح الحق نے کہا ہے کہ انہوں نے قومی ٹیم کے ورلڈ کپ میں جانے سے قبل کپتان سمیت ٹیم مینجمنٹ کو اہم مشورہ دیا تھا، اس مشورے پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے آج ٹیم کو مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ورلڈ کپ کے ابتدائی میچز سے لے کر پاکستانی اسپن اور فاسٹ باؤلرز شدید مشکلات کا شکار رہے، پورے ورلڈ کپ میں پاکستانی بالرز کی مایوس کن کارکردگی کی وجہ سے قومی ٹیم کو اہم میچز میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ 4 نومبر کو پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان اہم میچ میں حارث رؤف نے دس اوورز میں 85 رنز دیئے تھے اور اسی میچ میں شاہین نے 9 اوورز میں 90 رنز دیئے تھے جس کے بعد شاہین آفریدی ورلڈ کپ کے مہنگے ترین پاکستانی بالر بن گئے تھے۔

بقیہ 1

قابض صیہونی فوج محصور فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہی ہے۔ اقوام متحدہ خاص طور پر سلامتی کونسل اپنی ذمہ داریاں پوری کرے اور اقوام متحدہ کے منشور کے مطابق وعدوں کو پورا کرے۔ انہوں نے کہا کہ غزہ میں اس وقت انسانی المیہ جنم لے چکا ہے، ہسپتالوں کو خالی کروایا جارہا ہے، پانی، ایندھن اور ادویات کی شدید کمی کا سامنا ہے۔ فلسطینی سفیر نے پاکستانی عوام اور خصوصاً اپیسما کے وفد کا سفارتخانے میں آمد، ہر ممکنہ تعاون کی یقین دہانی اور بھرپور حمایت پر شکریہ ادا کیا اور وفد نے شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے فاتحہ خوانی کی

بقیہ 2

مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی کے قصبہ پپلاں کا سپوت جوان تین بچوں کا باپ نائیک سجاد گوادر کے مقام پر جام شہادت نوش کر گیا جس کے جسد خاکی کو اس کے آبائی گاؤں پپلاں لا کر پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا جس کو مسلح دستے نے سلامی دی اور افسران نے قبر پر پھول چڑھائے۔ جبکہ قصبہ روکھڑی کے علاقہ واںڈھی گھنڈوالی کا سپوت جوان محمد تنویر کراچی میں وطن دشمنوں سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کر گیا۔ جن کے جسد خاکی کو آج کے آبائی گاؤں واںڈھی گھنڈ والی لا کر پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا جائے گا۔

بقیہ 3

مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ بھکر کے محلہ چمنی کے ٹیکسی ڈرائیور رانا اکرم نے جائیداد کے تنازعہ پر اپنی حقیقی ماں، بہن اور بہنوئی کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا۔ جس کی اطلاع پر تھانہ سٹی پولیس نے مقتولین کی نعشیں تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیں اور شواہد کی روشنی میں مصروف تفتیش ہے۔ آر پی او شارق کمال صدیقی نے تہرے قتل کی واردات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او بھکر محمد نوید سے وقوعہ کی رپورٹ طلب کر لی اور ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔

بقیہ 4

متعلقہ سرکلز کے صارفین کی تجاویز اور شکایات سنیں گے۔ صارفین شکایات کے فوری ازالے کے لئے اسلام آباد سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Islamabad E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9260194، راولپنڈی سٹی سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Rawalpindi-City E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9292675، راولپنڈی کینٹ سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Rawalpindi-Cantt E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9293048-، اٹک سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Attock E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-4950343، چکوال سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Chakwal E-Kachery ٹیلیفون نمبر 0543-668[illegible]، جہلم سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Jhelum E-Kachery ٹیلیفون 0544-9270377 پر دیے گئے اوقات کے دوران رابطہ کر سکتے ہیں۔ معزز صارفین سے درخواست ہے کہ رابطے کے دوران اپنا مکمل نام، رابطہ نمبر اور بجلی بل کا حوالہ نمبر ضرور بتائیں تا کہ درج شدہ شکایت بروقت متعلقہ دفاتر کو بھجوائی جا سکے۔

بقیہ 5

زیادہ فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جس میں 4 ہزار سے زیادہ بچے شامل ہیں، فلسطین کے ہسپتالوں میں ہزاروں زخمی شہری زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یو این او کی رپورٹ کے مطابق تین لاکھ افراد غزہ میں ادویات، غذا اور خوراک سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غزہ میں عالمی اداروں کے دفاتر، چرچز اور ہسپتالوں کو بری طرح جارحیت کا نشانہ بنایا جارہا ہے جو کہ جنگی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، عالمی برادری کو اس بربریت کا نوٹس لینا چاہیے۔ طاہر اشرفی نے کہا کہ پاکستان کے تمام مذاہب کے قائدین اس تاریخی چرچ سے اپیل کرتے ہیں کہ جنگ بندی کر کے غزہ میں امدادی سرگرمیاں فوری بحال کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ سمیت تمام عالمی ادارے بھی جنگ بندی کی اپیل کر رہے ہیں

بقیہ 6

فارم انسٹاگرام پر انجلینا جولی نے پاکستان میں غیرقانونی طور پر مقیم افغانیوں کی تصاویر شیئر کیں۔ انہوں نے پوسٹ کے کیپشن میں ماضی میں پاکستان کی جانب سے افغان مہاجرین کو پناہ دینے کے حوالے سے بھی بات کی۔ انہوں نے لکھا کہ پاکستان کئی دہائیوں سے افغان مہاجرین اور ان کے خاندانوں کو پناہ دے رہا تھا۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے افسوس ہے کہ پاکستان ان مہاجرین کو اچانک واپس بھیج رہا ہے جہاں افغانستان میں لوگ زندہ رہنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، وہاں کی خواتین اپنے حقوق اور تعلیم تک رسائی سے محروم ہو گئی ہیں، بہت سے لوگوں کو جیلوں میں ڈالا جا رہا ہے، اور ایک سنگین انسانی بحران ہے۔ انہوں نے اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ یہ صورتحال دنیا بھر میں عالمی سطح پر انسانی حقوق کو نظرانداز کرنے کی ایک اور مثال ہے اور افغان عوام کے مسائل کی طویل تاریخ میں ایک نیا المیہ ہے جنہوں نے 40 سال سے زیادہ عرصے سے جنگ، تنازعات اور نقل مکانی کے سوا کچھ نہیں دیکھا، روشن مستقبل کے وعدوں کے باوجود ایسا لگتا ہے کہ دنیا اب افغان عوام کا ساتھ چھوڑ رہی ہے۔

بقیہ 7

لاش عباسی شہید ہسپتال منتقل کی گئی، جہاں مقتول کی شناخت 28 سالہ عمر زمان ولد سید وزیر کے نام سے کی گئی۔ مقتول ڈسٹرکٹ ویسٹ کے علاقے سائٹ ایریا کا رہائشی اور نجی سکیورٹی کمپنی میں بطور گارڈ ملازمت کرتا تھا۔ کمپنی کی طرف سے پولٹری فارموں سے شہر میں مرغیاں سپلائی کرنے والے کے پاس رقم کی ریکوری کرنے کا کام کرتا تھا۔ واقعے کے وقت مقتول عمر زمان شہر کی دیگر دکانوں سے رقم کی ریکوری کرتے ہوئے ہائی روف میں سوار ہو کر مرغی کی دکان سے رقم کی ریکوری کے لیے آیا تھا کہ اس دوران 2 موٹرسائیکلوں پر سوار 4 ڈاکو آئے اور انہوں نے رقم لوٹنے کی کوشش کی، جس پر عمر زمان نے مزاحمت کرنے پر ملزمان نے فائرنگ کر کے سکیورٹی گارڈ کو زخمی کیا اور رقم سے بھرے تھیلے لے کر فرار ہو گئے۔ بعد ازاں زخمی کو اسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ دوران سفر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمان 10 لاکھ روپے سے زائد کی رقم لوٹ کر فرار ہوئے ہیں، مزید تفصیلات تفتیش کے بعد سامنے آئیں گی۔

بقیہ 8

عابد حسین سمیت وفاقی پولیس اور ٹریفک پولیس کے حکام اس تقریب میں شریک تھے۔ نگران وفاقی وزیر داخلہ سرفراز بگٹی نے ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز عمارت کا باقاعدہ افتتاح کیا اور ٹریفک آفس کے مختلف شعبوں کا دورہ بھی کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نگران وفاقی وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کی شمار پاکستان کی ہی نہیں بلکہ دنیا کی بہترین ٹریفک پولیس میں ہوتا ہے بطور پارلیمنٹیرین ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر میرے بھی چالان ہوئے ہیں، یہ حوصلہ افزا بات ہے، جس دن معاشرے میں قانون کے سامنے وی وی آئی اور عام بندے کی تفریق ختم ہو جائے گی ہم بحیثیت معاشرہ بہت آگے جائیں گے۔

بقیہ 9

کالونی، نئی آبادی، نمبردار مارکیٹ، برف خانہ، ٹینچ بھاٹہ، پیپلز کالونی، غازی آباد سمیت ضلع راولپنڈی کے مختلف علاقے کتوں کی آماج گاہ بن گئے ہیں۔ ان کتوں کی وجہ سے شہریوں کو نہ صرف آمدورفت بلکہ خواتین اور بچوں اور بالخصوص فجر اور عشاء کی نماز کے اوقات میں نمازیوں کو مساجد نماز کی ادائیگی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ رات گئے یہ کتے موٹر سائیکل سوار افراد کے پیچھے بھاگتے نظر آتے ہیں اور اکثر لوگ ان کے خوف کی وجہ سے گر کر زخمی ہو جاتے ہیں۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے فوری طور پر صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے مذکورہ علاقوں میں کتا مار مہم شروع کر کے اس عذاب سے نجات دلانے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 10

آغاز کر دیا ہے۔ یہ شہر کے رابطے کو فروغ دینے کی سمت میں ایک اہم قدم ہے اور اس کی مجموعی ترقی کو فروغ دینے کے عزم کو اجاگر کرتا ہے۔ جی ڈی اے کے ڈائریکٹر جنرل داؤد خان خلجی کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کی بنیاد پر اس اقدام کا مقصد بہتر رابطے کے لئے مقامی برادری کے دیرینہ مطالبے کو پورا کرنا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق گوادر میں اسٹیک ہولڈرز اور عوامی حلقوں نے نہ صرف شہر کی اہم کاروباری شاہراہ پر کام کے آغاز پر اطمینان کا اظہار کیا بلکہ طویل عرصے سے التوا کا شکار منصوبے پر فوری عمل درآمد پر بھی زور دیا۔ انہوں نے اس اہم منصوبے کی تعمیر اور ترقی کی دل کھول کر حمایت کرنے پر اعتماد کا اظہار کیا۔ گوادر پرو کے مطابق جی ڈی اے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ غیر قانونی قبضے اور غیر مجاز تجاوزات کی وجہ سے مکی مسجد سے ملا فاضل چوک تک تعمیراتی کام کئی سالوں سے تعطل کا شکار تھا۔ تاہم، حکومت نے پہلے ہی جائز مالکان کے لئے معاوضے کے طور پر ایک اچھی خاصی رقم کا انتظام کیا ہے اگر سڑک کی توسیع کے دوران ان کی دکانوں یا املاک میں خلل پڑتا ہے۔ جی ڈی اے کے مطابق، "یہ معاوضے، جو مارکیٹ کی قدروں کے مقابلے میں بینچ مارک ہیں، پورے خطے میں سب سے زیادہ مسابقتی شرحوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق سڑک کی بہتری اور چوڑائی سے ملا فاضل چوک اور شاہی بازار جیسے شہر کے اہم کاروباری مراکز تک آسان رسائی میں آسانی ہوگی۔ سڑک کی اپ گریڈیشن سے ملا فاضل چوک کو سیوریج اور ڈرینج لائنیں بھی ملیں گی جو گوادر شہر کے لیے ماحولیاتی مسئلہ ہے۔

بقیہ 11

رہنماؤں میں باہمی اتفاق سے ملکی مسائل کو حل کرنے کا عزم کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق میاں نواز شریف کی جانب سے جلد ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 12

ہوئیں، ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنے والے ملزمان محمد یوسف اور شیراز کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے 40 انار، 25 ہوائیاں اور 20 سوتر گولے برآمد ہوئے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 13

درج کیا گیا تھا، سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج ہونے کے بعد ملزمان روپوش ہو گئے تھے، واقعہ میں ملوث 26 ملزمان قبل ازیں گرفتار کر کے چالان کیے جا چکے ہیں، اشتہاری مجرمان کے دیگر ساتھیوں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار اشتہاری مجرمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 14

وسائل بروئے کار لاتے ہوئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے خدمت مراکز کو گاڑیوں کی تصدیق کے متعلق کل 17 ہزار 718 درخواستیں موصول ہوئیں، جن میں سے 17 ہزار 695 گاڑیوں کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد تصدیق کو یقینی بنایا گیا، جبکہ باقی درخواستوں پر کام ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے، شہری گاڑی کی تصدیق کیلئے اپنا اصل شناختی کارڈ، گاڑی کے اصل دستاویزات، مالک کا شناختی کارڈ، گاڑی کے انجن اور چیسس نمبر کی تصاویر کے ساتھ کسی بھی قریبی پولیس خدمت مرکز تشریف لائیں، شہری پولیس خدمت مراکز سے گاڑیوں کی تصدیق، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج، سامان گمشدگی کی رپورٹ، جنرل پولیس ویریفکیشن اور دیگر سہولیات سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے خدمت مراکز کا رخ کر سکتے ہیں، شہریوں کو انکی دہلیز پر تمام سہولیات مہیا کرنے کیلئے پولیس خدمت مرکز موبائل سہولت دین بھی کام کر رہی ہے، اسکے علاوہ خدمت مراکز سیکٹر ایف سکس، جی ٹین، ایچ الیون، بنی گالہ، سواں گارڈن اور جی چودہ کے علاوہ ماڈل تھانہ جات میں بھی قائم کئے گئے ہیں، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے کہا کہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے اور سہولیات فراہم کرنے کیلئے پولیس خدمت مراکز میں تربیت یافتہ عملہ تعینات کیا گیا ہے، جو پاکستانی شہریوں اور غیر ملکیوں کو بہترین خدمات فراہم کرنے میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور انکے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 15

ہیں۔ ایف آئی اے لاہور نے مونس الٰہی اور فیملی کے 100 سے زائد اکاؤنٹس منجمد کر دیے۔ ذرائع نے بتایا کہ ان بینک اکاؤنٹس میں مبینہ کرپشن اور منی لانڈرنگ کا پیسہ جمع کروایا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ایف آئی اے نے مونس الٰہی کو عدالت سے اشتہاری قرار دلوانے کا فیصلہ کیا ہے، جبکہ مونس الٰہی کے ریڈ وارنٹ جاری کروانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ مونس الٰہی کا ریڈ وارنٹ جاری کروا کر انہیں انٹرپول کے ذریعے گرفتار کیا جائے گا۔

بقیہ 16

(ای سی ایل) اور اسٹاپ لسٹ سے نکال دیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ علی افضل ساہی کا نام 9 مئی کے واقعات کے بعد ان پر فیصل آباد میں درج مقدمات اور ٹھیکوں میں مبینہ کرپشن کے الزام میں اینٹی کرپشن کے رڈار پر آنے اور مقدمات نمبر 769/2023 اور 921/2023 کے اندراج کے بعد محکموں کی درخواست اور محکمہ داخلہ پنجاب کی سفارش پر لسٹ میں ڈالا گیا تھا۔ علی افضل سابق اسپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری محمد افضل ساہی کے بیٹے اور چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ امیر حسین بھٹی کے داماد ہیں۔

بقیہ 17

اب تک ہونے والی پیش رفت بارے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور لوکل گورنمنٹ کے افسران نے شرکت کی۔ کمشنر نے کہا کہ دیہی سطح پر اس پروگرام کی مانیٹرنگ قائم کمیٹیوں کو فعال کیا جائے۔ اسسٹنٹ کمشنرز ان کمیٹیوں کے سربراہ کے ساتھ براہ راست مانیٹرنگ کے ساتھ ہر کمیٹی کے سربراہ کے ساتھ ہفتہ میں ایک ملاقات ضرور کریں اور اس پروگرام کے ثمرات دیہی عوام تک پہنچانے کیلئے حائل رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دیہاتوں میں خالی پوسٹر، بینرز لگانے سے کام نہیں چلے گا۔ جگہ جگہ موجود اروڑیاں ہٹانا ہوں گی۔ نالیاں صاف کرنا ہوں گی۔ اجلاس میں چاروں ڈپٹی کمشنروں نے یکم نومبر سے شروع ہونے والے فیز 2 میں اب تک انجام دی جانے والی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی، ڈپٹی کمشنر خوشاب ذیشان شبیر رانا، ڈپٹی کمشنر میانوالی سجاد احمد خان، ڈپٹی کمشنر بھکر ڈاکٹر نور محمد اعوان اور ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بابر شہزاد احمد رانجھا سمیت دیگر افسران شریک تھے۔

بقیہ 18

دہشت گرد ہلاک ہو گیا جبکہ فائرنگ کے شدید تبادلے میں دو جوان شہید ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 25 سالہ عبداللہ مردان جبکہ 19 سالہ سپاہی محمد سہیل تھرپارکر کے رہائشی تھے جنہوں نے شہادت کو گلے لگایا۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ علاقے میں پائے جانے والے دہشت گردوں کے قلع قمع کیلیے اطراف کے علاقوں میں بھی آپریشن کے دائرے کو بڑھا دیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے اعلامیے میں کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں، ہمارے بہادر سپاہیوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔

بقیہ 19

پاکستان بیرون ملک فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لئے گراں قدر خدمات سرانجام دے رہا ہے، انتہائی مطلوب ملزمان کی گرفتاری اور بروقت حوالگی کے لئے این سی بی انٹرپول پاکستان ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 20

ہونیوالے نوجوان کی لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ ٹریکٹر ٹرالی قبضے میں لیکر کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ 21

کے لئے خالی وینٹی لیٹر مہیا کیا جا سکے گا۔ اجلاس میں ڈی ایچ کیو ہسپتال قصور کو جنرل ہسپتال لاہور کے ساتھ منسلک کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ سٹروک مینجمنٹ مہم کے تحت 1122 ریسکیورز کی کپیسٹی بلڈنگ بھی کی جائے گی۔ سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے ہیڈ آف نیورالوجی پروفیسر ڈاکٹر قاسم بشیر نے سٹروک مینجمنٹ پلاننگ پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جاوید اکرم، چیف سیکرٹری، سیکرٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، سیکرٹری صحت، سیکرٹری خزانہ، ڈاکٹر فرقد عالمگیر، ڈی جی ریسکیو 1122 اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 22

کے لئے ڈیٹا انٹری اور بائیو میٹرک شعبے کا دورہ کیا۔ انہوں نے وہاں پر اپنا ڈیٹا انٹری اور بائیو میٹرک بھی کرائی جس کے بعد انہیں انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس جاری کر دیا گیا۔ آئی سی سی پی او ناصر اکبر، ایس ایس پی ٹریفک سرفراز احمد ورک بھی اس موقع پر موجود تھے۔ نگران وزیر داخلہ نے مختلف نوعیت کے لائسنسوں کے اجرا، بین الاقوامی لائسنس کے اجرا کے لئے آنے والے شہریوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنے پر اسلام آباد ٹریفک پولیس کی تعریف کی۔

بقیہ 23

میں کاربن کریڈٹس کے حصول کے لئے اچھی ساکھ کی حامل کنسلٹنٹ فرم کی خدمات حاصل کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ویسٹ، ٹرانسپورٹ، انرجی، انڈسٹری، لینڈ یوز، سمیت 10 سیکٹرز سے کاربن کریڈٹس حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ جنگلات کے تحفظ اور ماحولیاتی آلودگی کے اسباب دور کرنے سے کاربن کریڈٹس حاصل ہوتے ہیں۔ زیادہ کاربن خارج کرنے والے ممالک دیگر ملکوں میں شجرکاری اور تحفظ ماحولیات کیلئے سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ کاربن کے اخراج کو کنٹرول کر کے آکسیجن پیدا کرنے پر مخصوص طریقہ کار کے مطابق کریڈٹس دیئے جاتے ہیں۔ کاربن خارج کرنے والے ممالک کریڈٹ حاصل کرنے کے لئے دوسرے ملکوں کو ادائیگی کرتے ہیں۔ والینٹیر کاربن مارکیٹ کے ذریعے کاربن کریڈٹس بیچے اور خریدے جاتے ہیں۔ صوبائی وزراء، عامر میر، ابراہیم حسن مراد، سیکرٹریز جنگلات، فنانس، انڈسٹریز اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 24

براجمان ہے جبکہ شہر کا مجموعی انڈیکس 285 ریکارڈ کیا گیا۔ گلبرگ میں فضائی آلودگی کا تناسب 401، عامر ٹاؤن کے علاقے کا ایئر کوالٹی انڈیکس 414، مال روڈ کے اطراف میں اے کیو آئی 398 ریکارڈ کیا گیا موسم کا حال بتانے والوں کا کہنا ہے کہ شہر میں اگلے 24 گھنٹوں میں بارش برسنے کا کوئی امکان نہیں ہے۔

بقیہ 25

حکم دیا تھا۔ امریکی فوج نے مشرقی شام میں اہداف پر حملے کیے۔ امریکی فوج کا دعوی ہے کہ ایران کی پاسداران انقلاب نے مشرق وسطی میں اپنے اڈے بنا رکھے ہیں۔ تازہ ترین حملے ابو کمال اور معیادین نامی شہروں کے قریب مبینہ طور پر واقع پاسداران انقلاب کے تربیتی مراکز پر کئے گئے اور ان کا مقصد خطے میں موجود امریکی فوجی اہلکاروں کے تحفظ کو یقینی بنانا تھا۔

بقیہ 26

کے مختلف ہسپتالوں کے پروفیسرز، نوجوان ڈاکٹرز، نرسز اور میڈیکل سٹوڈنٹس کثیر تعداد میں موجود تھے۔ پروفیسر طاہر صدیق نے اپنی گفتگو میں کہا کہ اگرچہ ذیابیطس متعددی بیماری نہیں تاہم اس وقت پاکستان سمیت دنیا بھر میں پھیلی ہوئی ہے اور یہ مرض موروثی طور پر بھی والدین سے اولاد میں منتقل ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ طبی ماہرین نے کہا کہ پاکستان میں 3 سے 4 کروڑ افراد ذیابیطس کا شکار ہیں جس میں سے 25 فیصد کو یا تو علم ہی نہیں کہ وہ اس مرض میں مبتلا ہیں یا پھر مناسب علاج کی طرف سنجیدگی سے توجہ نہ دینے کے سبب ان کو گردوں، آنکھوں اور دل کی بیماریاں لاحق ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نامناسب غذا، موٹاپا، نامناسب لائف اسٹائل اس مرض کی اہم وجوہات ہیں، اس کے علاوہ اگر خاندان میں کسی فرد کو ذیابیطس کا مرض لاحق ہے تو ایسے شخص میں ذیابیطس کے مرض میں مبتلا ہونے کے قوی امکانات ہوتے ہیں۔ طبی ماہرین نے علامات پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ اگر پیاس زیادہ لگے، پیشاب بار بار آئے یا اچانک وزن تیزی سے کم ہونا شروع ہو جائے تو اس صورت میں فورا مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں کیونکہ شوگر کا مرض جسم کے ہر حصے کو نقصان پہنچاتا ہے تاہم میڈیکل سائنس کی ترقی کے سبب ذیابیطس جیسے موذی مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے اور مریض ایک خوشگوار زندگی گزار سکتا۔

بقیہ 27

پہنچے۔ کھلاڑیوں اور مینجمنٹ اسٹاف کو ویلکم کرنے کے لیے ان کے اہل خانہ بھی ایئرپورٹ پر موجود تھے اور اس موقع پر سخت سکیورٹی میں کھلاڑیوں کو گاڑیوں تک پہنچایا اور کچھ مداحوں نے قومی ہیروز کے ساتھ سیلفیاں بھی لیں۔

بقیہ 28

کہ الشفا ہسپتال اپنی تمام تر صلاحیتیں ختم ہونے کے بعد کوئی بھی طبی خدمات فراہم کرنے سے قاصر ہے، بجلی مکمل طور پر منقطع ہو چکی اور کمپلیکس کا اسرائیلی ٹینکوں نے محاصرہ کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال کے اردگرد کی صورتحال میدان جنگ میں تبدیل ہو چکی ہے، مریض کمپلیکس میں جن حالات میں ہیں اسے بیان نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 29

روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعدادوشمار کے مطابق اکتوبر میں دال مونگ کی فی کلو اوسط قیمت 279.57 روپے ریکارڈ کی گئی جو ستمبر کے مقابلہ میں 2.80 فیصد کم ہے، ستمبر میں دال مونگ کی فی کلو اوسط قیمت 287.61 روپے ریکارڈ کی گئی جو ستمبر میں 287.61 روپے تھی۔ اعدادوشمار کے مطابق اکتوبر میں دال ماش کی فی کلو اوسط قیمت 529.88 روپے ریکارڈ کی گئی جو ستمبر کے مقابلہ میں 1.62 فیصد کم ہے، ستمبر میں دال ماش کی فی کلو اوسط قیمت 538.59 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعدادوشمار کے مطابق اکتوبر میں دال چنا کی فی کلو اوسط قیمت 234.86 روپے ریکارڈ کی گئی جو ستمبر کے مقابلہ میں 6.09 فیصد کم ہے، ستمبر میں دال چنا کی فی کلو اوسط قیمت 250.10 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔

بقیہ 30

سے جیل ٹرائل کی سفارش کی گئی۔ سمری کے ساتھ اسپیشل برانچ کی تھریٹ رپورٹ اور جج کی سفارش کی کاپی بھی منسلک ہے۔ عمران خان اور شاہ محمود قریشی کے خلاف 14 نومبر کو سائفر کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں ہوگی۔ عمران خان کی اوپن کورٹ سماعت کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست زیر التوا ہے۔

بقیہ 31

اقدامات کا حکم دیدیا۔ احتساب عدالت اسلام آباد جج محمد بشیر نے کیس کی سماعت کی۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نیب سردار مظفر عباسی، پراسیکیوٹر عرفان بھولا، تفتیشی افسران محسن، وقار الحسن، میاں عمر ندیم اور دیگر پیش ہوئے۔ نیب پراسیکیوٹر نے جواب دیا کہ وہاں کیس زیر التوا ہے عدالت نے نہ حکم معطل کیا اور نہ کوئی اسٹینڈنگ آرڈر جاری کیا، لہٰذا عمران خان کے وارنٹ جاری کیے جائیں اور جیل سپرینٹنڈنٹ کو اقدامات کی ہدایت کی جائے۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ جب وارنٹ کے بعد گرفتار کریں گے تو جسمانی ریمانڈ کیلئے یہاں ہی لائیں گے، قانون 24 گھنٹے دیتا ہے اس سے زیادہ ضرورت ہوئی تو عدالت میں درخواست دیں گے، وارنٹ تعمیل کرانے ہیں جس کے بعد باقی اقدامات ہوں گے، پہلے بھی ملزمان کو جیل میں وارنٹ تعمیل کرائے ہیں۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آفیشل سیکرٹ عدالت نے کیا کیا ہے؟ پراسیکیوٹر نے جواب دیا کہ انہوں نے اجازت دے دی ہے کہ وارنٹ تعمیل کروا سکتے ہیں، گرفتاری اس لیے ڈال رہے ہیں کہ تفتیش کرنے اور انوسٹی گیشن کو مکمل کرنے کی ضرورت ہے۔ عدالت نے سپرینٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو قانون کے مطابق وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کیلئے اقدامات کا حکم دے دیا۔ علاوہ ازیں اسی کیس نیشنل کرائم ایجنسی 190 ملین پاؤنڈ میں عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نیب اسلام آباد آفس میں نیب کی مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کے سامنے بطور ملزمہ پیش ہوئیں۔ نیب ٹیم نے بشریٰ بی بی سے پوچھ گچھ کی جس کے بعد انہیں 11 سوالوں پر مشتمل سوالنامہ فراہم کیا گیا جن کے جوابات جمع کرانے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 32

میں اینٹی سمرین آپریشن شامل ہے، یہ مشقیں 17 نومبر کو اختتام پذیر ہوں گی۔ پیپلز لبریشن آرمی ڈیلی نے رپورٹ کیا کہ اس مشق کے دوران پاکستان اور چین پہلی دفعہ مشترکہ سمندری گشت کریں گے۔ یہ مشقیں 7 سے 9 نومبر تک بحر ہند کے جنوب مشرق کنارے پر بحیرہ انڈمان میں روس اور میانمار کے درمیان ہونے والی مشقوں کے بعد کی جا رہی ہیں، جسے روس نے جدید تاریخ کی پہلی روس – میانمار بحری مشقیں قرار دیا، یہ اس سمندر میں روس کی موجودگی کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے اور اسے امریکا اپنے عالمی سلامتی کے مفادات میں شمار کرتا ہے۔ نیوز ایجنسی انٹرفیکس نے گزشتہ ہفتے رپورٹ کیا کہ روس کے 2 بڑے اینٹی سمرین جہاز ایڈمرل ٹریبوٹس اور ایڈمرل پینٹی لیف نے میانمار نیوی کی فریگیٹ اور ایک جنگی جہاز کارویٹ کے ساتھ مشق کی۔ چین اور پاکستان، روس اور میانمار کے مابین گہرے ہوتے سیکیورٹی تعلقات کے دباؤ کے پیش نظر امریکا کے سیکرٹری خارجہ انٹونی بلنکن اور سیکرٹری دفاع لائیڈ آسٹن نے 10 نومبر کو دہلی میں بھارتی ہم منصب کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ نام نہاد ڈائیلاگ کے بعد جاری مشترکہ اعلامیے میں بھارت اور امریکا نے یوکرین جنگ پر گہری تشویش کا اظہار کیا مگر روس کا کوئی واضح ذکر نہیں کیا، انہوں نے ایک آزاد بحیرہ ہند اور بحیرہ اوقیانوس کے تحفظ کے عزم کا عہد کیا۔ نیو دہلی نے بہت احتیاط سے روس کے ساتھ اپنے تعلقات کو محفوظ رکھا ہوا ہے، جس میں دفاعی تعاون بھی شامل ہے جبکہ واشنگٹن کے ساتھ بھی اس کے تعلقات مسلسل مضبوط ہو رہے ہیں۔ مشترکہ اعلامیے میں چین کا تذکرہ بھی موجود نہیں جبکہ اس بات چیت سے قبل بھارتی حکومت کے ایک حکام نے کہا تھا کہ چین اہم فوکس پوائنٹس میں سے ایک ہوگا۔ ان مذاکرات کی محتاط نیوکلیشن اس ہفتے سان فرانسسکو میں امریکی صدر جو بائیڈن اور چینی صدر شی جن پنگ کے درمیان ہونے والی انتہائی متوقع ملاقات سے پہلے سامنے آئی جہاں توقع ہے کہ واشنگٹن، بیجنگ کے ساتھ ملٹری سے ملٹری کے درمیان تعلقات دوبارہ قائم کرنے کی کوشش کرے گا۔

بقیہ 33

ڈھونڈ کر پیش کریں. جسٹس عدنان الکریم میمن نے کہا ہے کہ پولیس اور صوبائی حکومت کہتی ہے لاپتہ شہری ہمارے پاس نہیں ہے، اگر وہ صوبائی حکومت کے پاس نہیں ہے تو پھر کہاں گیا؟ لاپتہ شہری آسمان اور زمین کے درمیان کہیں بھی ہے تو ڈھونڈ کر پیش کریں۔ سندھ ہائی کورٹ نے کہا کہ جے آئی ٹیز اجلاس کا کیا فائدہ جب لاپتہ شہری ہی برآمد نہیں کر سکتے؟ عدالت نے جے آئی ٹی سربراہ کو ذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے کہا کہ بہت ہو گیا لاپتہ شہری پیش کریں ورنہ آئی جی سندھ کو طلب کر لیں گے۔ لاپتہ شہری کے کیس کی تفتیش کرنے والے ایس پی تھانہ گلشن اقبال کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے گئے، سندھ ہائی کورٹ نے عدم پیشی پر تفتیشی افسر ایس پی کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے۔ جسٹس عدنان الکریم میمن نے کہا کہ شہری بازیاب نہیں ہوتا تو کہہ دیں مر گیا ہے اور گھر والوں کو لاش دکھا دیں، بازیاب نہیں کرا سکتے تو پھر لاپتہ شہری کے اہلخانہ کو معاوضہ دیں۔ بعدازاں سندھ ہائی کورٹ نے 2 کمسن لڑکیوں سمیت 4 افراد کو بازیاب کرا کے رپورٹ دینے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 34

پور کی طالبات نے حصہ لیا اور شاعر مشرق علامہ اقبال کے پینسل اسکیچز اور پوسٹر بنائے۔ علاقہ اقبال کی شاعری کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے طالبات نے ان کی شاعری و پورٹریٹ کو رنگوں کی زبان دی۔ آرٹ ورک کے ان فن پاروں کو میوزیم کی آرٹ گیلری میں ڈسپلے کیا گیا جنہیں وزٹیرز اور طلبہ و طالبات کی طرف سے بہت سراہا گیا۔ ڈائریکٹر بہاولپور میوزیم محمد زبیر ربانی نے اس اہم دن کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ نسل نو کی تربیت و کردار سازی کے لیے فکر اقبال ناگزیر ہے۔ اقبال کے افکار و نظریات ہمارا قومی اثاثہ ہیں۔ اقبال بیسویں صدی کے عظیم مفکر، شاعر، مصنف، قانون و سیاست دان اور تحریک پاکستان کی ایک قد آور شخصیت کا نام ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاعر مشرق کے آفاقی کلام نے برصغیر کے مسلمانوں کو سیاسی شعور اور قوم کو ایک سمت عطا کی۔ پاکستان اقبال کے خواب کی تعبیر ہے۔ علامہ اقبال کی سوچ اور فرمودات اج بھی امت مسلمہ کو اتحاد و یگانگت کا درس دیتے ہیں۔

بقیہ 35

الیکشن کی شفافیت کو مشکوک بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، یہ طرز عمل مناسب نہیں ہے، انشا اللہ الیکشن صاف اور شفاف ہوں گے اور اس امر کو یقینی بنایا جائے گا۔ تین روز قبل صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی جانب سے نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کے نام خط ارسال کیا گیا جس میں بنیادی حقوق اور ہموار سیاسی میدان کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف کے خدشات دور کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔

بقیہ 36

2 روپے فی لٹر تک کمی متوقع ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مٹی کے تیل کی قیمت میں ساڑھے 4 روپے فی لٹر کمی کا امکان ہے جبکہ لائٹ ڈیزل کی قیمتوں میں بھی 16 روپے 50 پیسے فی لٹر تک کمی ہو سکتی ہے۔ اوگرا قیمتوں کے متعلق سمری 15 نومبر کو وزارت پٹرولیم کو بھجوائے گی، وزیر خزانہ وزیراعظم سے مشاورت کے بعد قیمتوں کی حتمی منظوری دے گی۔

بقیہ 37

جاں بحق اور 12 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے ترجمان بلال فیضی نے ایک شہری کے جاں بحق ہونے اور دیگر کے زخمی ہونے سے متعلق تصدیق کی، انہوں نے بتایا کہ یہ واقعہ درہ زندہ علاقے میں پیش آیا۔ بلال فیضی نے بتایا کہ زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی کے لیے ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، زخمیوں میں سے 2 کی حالت تشویشناک ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری علاقے میں پہنچ گئی اور سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ 38

ڈیٹا شیئر کیا گیا اور پاکستان پہلے جائزے کی کامیابی سے تکمیل کے لیے پرامید ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ آمدن بڑھانے، اخراجات میں کمی، ڈالر اِن فلوز، ادارہ جاتی اصلاحات، نیشنل کلین ائیر پالیسی، نیشنل کلائمیٹ فنانس اسٹریٹجی، ایکسچینج ریٹ، نئے قرض کے لیے سکوک بانڈز، ٹی بلز، انویسٹمنٹ بانڈز کا اجرا، قرض پروگرام کے دوران توانائی کے شعبے میں سبسڈی نہ دینے، بجٹ خسارہ کم کرنیکے اقدامات، پاور سیکٹر اور پٹرولیم سیکٹر کے لیے ری بیسنگ، ایڈجسٹمنٹ اور گردشی قرضے میں کمی کا پلان بھی سامنے رکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ تکنیکی سطح کے مذاکرات میں پاکستان کی جانب سے 6.5 ارب ڈالر کے بیرونی فنانسنگ گیپ کو پورا کرنے کے لیے پیش کردہ ایکسٹرنل فنانسنگ، ایف بی آر کی جانب سے رواں مالی سال کے باقی ماندہ عرصے کے لیے پیش کردہ ریونیو پلان، درآمدات کی آڑ میں منی لانڈرنگ، مشکوک ٹرانزیکشنز پر سخت پالیسی بنانے اور آئندہ بجٹ میں فنانس بل کے ذریعے مشکوک ٹرانزیکشنز کے لیے سزائیں مزید سخت کرنے سے متعلق تجاویز سمیت دیگر امور بھی زیر غور آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان پہلے جائزے کے لیے آئی ایم ایف کی تمام اہم شرائط پوری کر چکا ہے۔ پالیسی سطح کے مذاکرات میں اسٹاف لیول ایگریمنٹ فائنل کیا جائے گا اور جائزہ مذاکرات کامیابی سے مکمل ہونے پر پاکستان کو 71 کروڑ ڈالر ملیں گے۔

بقیہ 39

تمام سکولز اور کالجز کو بند کر دیں۔ جسٹس شاہد کریم نے چیف سیکرٹری اور کمشنر لاہور پر بھی سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چیف سیکرٹری تو سوئے ہوئے ہیں، کمشنر لاہور دعوے کرتے ہیں کارکردگی کچھ نہیں، کیا حکومت کے پاس صرف یہ حل ہے کہ پورے پنجاب میں چھٹیوں کا اعلان کر دیں؟ حالات خراب ہو رہے ہیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے انسداد سموگ سے متعلق عملی اقدامات نہ کرنے پر ڈی جی ماحولیات کے تبادلے کا بھی حکم دے دیا۔ جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس میں کہا کہ مختلف علاقوں سے ویڈیوز آ رہی ہیں، شیخوپورہ، حافظ آباد اور گوجرانوالہ کے ڈپٹی کمشنرز کا تبادلہ کریں، ان افسران کو توہین عدالت کے نوٹسز بھی جاری کر رہا ہوں، لاہور کے دل میں ٹائر جلا کر برا حال کیا گیا ہے۔ حکومتی وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ پانچ تھانوں کی حدود سے لاکھوں ٹن ٹائر برآمد ہوئے ہیں جس پر عدالت نے ریمارکس دیئے کہ سب سے زیادہ سموگ گاڑیوں کے دھوئیں سے آتی ہے، سائیکلنگ اور پبلک ٹرانسپورٹ کو فروغ دیں، اگر 5 منٹ ٹریفک بند ہو تو پورے شہر میں نظام درہم برہم ہو جاتا ہے۔ وکیل ایل ڈی اے نے کہا کہ ہم نے صرف 70 روز میں انڈر پاس تعمیر کرایا ہے، جس پر جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس میں کہا کہ اس پر آپ کو ستارہ امتیاز ملنا چاہیے، اس تعمیر کے بعد جو سموگ آئے گی وہ پوری سردیاں ہم بھگتیں گے، آپ انڈر پاس بنانے میں تو ماہر ہو گئے ہیں لیکن باقی چیزوں کو دیکھیں۔

بقیہ 40

باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نےکہا کہ ایسے ایسے شہروں میں میرے خلاف کیس بنے جو میں نے دیکھے ہی نہیں، میرے خلاف جو بھی کیس ہیں وہ مجھے بتائے جائیں، چلے کے اثرات ابھی باقی ہیں ختم نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ میں اور نواز شریف ایک ہی دن پاکستان آئے، گیٹ نمبر چار میں نواز شریف کے ساتھ تھا، میں نے ہمیشہ ہی گیٹ نمبر چار کا ساتھ دیا مگر مجھے نظر لگ چکی اب میں انتظار میں ہوں کہ نواز شریف کو کب نظر لگے گی۔ شیخ رشید نےکہا کہ الیکشن سیاسی جماعتوں میں ہونا چاہیے، اداروں اور سیاسی جماعتوں میں نہیں، مخالفین سیاسی مہم چلاتے رہیں کوئی فرق نہیں پڑتا، ہارتا وہ ہے جو ہار مانتا ہے، مجھے اللہ سے مدد کی امید ہے۔ سابق وفاقی وزیر نےکہا کہ آپ سیاست نہیں کرتے، ابھی کسی کو سمجھ نہیں آ رہی کہ ملکی سیاست کس طرف جا رہی ہے، فیصلہ عوام نے کرنا ہے، عوام سیاست دانوں سے زیادہ سمجھدار ہیں۔

بقیہ 41

، عوام اس بار کسی سازش کو قبول نہیں کریں گے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میرے لیے فخر کی بات ہے تھر واسیوں کے ساتھ دیوالی منا رہا ہوں، پیپلز پارٹی برابری پر یقین رکھتی ہے، محترمہ نے ہمیں برابری کی سیاست سکھائی ہے، ذوالفقار علی بھٹو نے ایک ساتھ چلنے کی سیاست سکھائی ہے، رنگ و نسل میں کسی بھی فرق پر یقین نہیں رکھتے، ہم ایک ہیں اور ایک ہی رہیں گے، کچھ لوگ تقسیم کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، نفرت کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں لیکن پیپلز پارٹی نے نفرت اور تقسیم کی سیاست کو رد کیا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اس کا سب سے بڑا ثبوت تھرپارکر کے عوام ہیں، بطور نوجوان وزیر خارجہ جہاں جاتا تھا تھرپارکر کا ذکر کرتا تھا، پاکستان کے بارے میں بین الاقوامی میڈیا میں غلط فہمی موجود ہے اس کا جواب تھرپارکر کے عوام ہیں، بھٹو جب بھارت پہنچا تھا وہاں بھی مجھے اپنا تھرپارکر یاد آیا، وہاں جو مودی کی حکومت ہے وہ بھارت میں کسی بھی اقلیت کی نمائندگی نہیں کرتی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ الیکشن شیڈول تو ابھی تک نہیں آیا، ہماری الیکشن کمپین باقاعدہ ابھی شروع نہیں ہوئی، تھرپارکر کے عوام نے آج اپنا فیصلہ سنا دیا ہے، 8 فروری انتخابات کا دن ہوگا، 8 فروری کو اسی جوش و جذبے کے ساتھ نکلیں گے تو تیر کی جیت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان پیپلز پارٹی نے تاریخ رقم کی ہے کہ مہیش ملانی پاکستان کی جنرل سیٹ پر قومی اسمبلی کے لیے منتخب ہوا، بھارت کی سرزمین پر میں نے مودی سے سوال کیا کہ اپنے پارلیمان میں کسی ایک جنرل اسمبلی کی سیٹ پر اقلیتی کی نمائندگی بتائیں؟ جو ہمارے خلاف سازش کرتے ہیں

بقیہ 42

کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس قاضی فائز عیسی نے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بلیغ الزماں پر فضول مقدمہ بازی کرنے پر اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا کہ سرکار نے کسی کی زمین پر بغیر اجازت اور معاوضہ سڑک کیسے بنائی؟ درخواست گزار نے سرکار کو زمین گفٹ نہیں کی اور نہ ہی سرکار نے قانون کے مطابق زمین حاصل کی، ایسے فضول مقدمے کی درخواست آپ نے سپریم کورٹ میں کیوں دائر کی؟ چیف جسٹس قاضی فائز عیسی نے اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا کام یہ رہ گیا ہے کہ ہم ایڈووکیٹ جنرلز کو آئین پڑھاتے رہیں، کیوں نہ ایسے فضول مقدمہ بازی کیلئے آپ پر جرمانہ لگائیں، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کی ڈیوٹی کیا ہے؟ کیسے اس طرح فضول درخواست دائر کی، حقیقی مقدمات سائیڈ لائن کر کے فضول اور غلط مقدمات فائل کئے جاتے ہیں، فضول مقدمات فائل کر کے عوامی وسائل کے ساتھ ساتھ عدالتی وقت کا ضیاع کیا جا رہا ہے۔ بعدازاں عدالت نے پنجاب حکومت کی اپیل مسترد کرتے ہوئے زمین مالک کو معاوضے کی رقم ادا کرنے کا حکم دے دیا، عدالت نے حکومت پنجاب کو 30 دن میں زمین کی موجودہ ریٹ کے مطابق رقم ادائیگی کا حکم دیا ہے۔

بقیہ 43

پنجاب نادر چٹھہ اور کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی کی ہدایات پر سرگودھا ڈویژن میں امسال 16 لاکھ 66 ہزار ایکڑ رقبہ گندم زیر کاشت لایا جا رہا ہے جبکہ فی ایکڑ 35.86 من ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ابھی تک ٹارگٹ کے بڑے حصے پر کاشتکار گندم کی بوائی کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی بوائی کے لیے نومبر اور دسمبر کا مہینہ بہترین ہے جبکہ اکثر مقامات پر کماد یا دیگر فصلیں کھڑی ہیں ان کی کٹائی کے فوراً بعد کاشتکار حضرات گندم کی بوائی شروع کر دیں گے۔ ڈائریکٹر زراعت نے کہا کہ کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اس سلسلہ میں حکومت بیج اور زرعی ادویات پر سبسڈی دے رہی ہے تا کہ کاشتکار ربیع 24-2023 کے دوران گندم کی بھرپور پیداوار حاصل کر سکیں۔ شاہد حسین نے مزید بتایا کہ محکمہ زراعت کے ماہرین کی 64 ٹیمیں ایک ہزار 329 دیہاتوں میں جا کر کاشتکاروں کو گندم کی بوائی سے متعلق آگاہی دے رہی ہیں۔

بقیہ 44

عباسی اپنے وکیل کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ راولپنڈی کی ڈسٹرکٹ کورٹ نے کیپٹن ریٹائرڈ صفدر کی گرفتاری کے موقع پر ہنگامہ آرائی کیس میں سابق وفاقی وزیر حنیف عباسی کو بری کر دیا۔ واضح رہے کہ حنیف عباسی کے خلاف جولائی 2018 میں کار سرکار میں مداخلت اور دفعہ 144 کی خلاف ورزی کا مقدمہ تھانہ سٹی میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 45

چیف الیکشن کمشنر کیسز پر سماعت کی، چیئرمین پی ٹی آئی، اسد عمر اور فواد چودھری میں سے کسی کے بھی پیش نہ ہونے پر معاون وکیل نے کیس التوا کی استدعا کی۔ کمیشن سربراہ نثار درانی نے ریمارکس دیئے کہ سیکورٹی خدشات ہیں تو جیل میں سماعت نوٹیفائی کر سکتے ہیں، سیکرٹری داخلہ نے بتایا کہ اگر آپ جیل جانا چاہتے ہیں تو نوٹیفائی کر سکتے ہیں، جیل میں سماعت پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔ ممبر کمیشن نے پوچھا کہ کیا قانون اس کی اجازت دیتا ہے؟ جس پر سیکرٹری داخلہ نے وزارت قانون سے رائے لینے کا موقف اپنایا۔ کمیشن کے پوچھنے پر فواد چودھری کے وکیل بولے کہ فواد چودھری جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل میں قید ہیں۔ ممبر کمیشن نے کہا کہ الیکشن کمیشن آئینی ادارہ ہے، اس کے اپنے رولز ہیں، آئین اور الیکشن ایکٹ کے علاوہ کوئی قانون الیکشن کمیشن پر لاگو نہیں ہوتا، بعدازاں الیکشن کمیشن نے کیسز کی سماعت 6 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 46

متعلق کیس میں درخواست ضمانت پر سماعت جسٹس علی باقر نجفی نے کی، جس میں عدالت نے درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے خاور مانیکا کی رہائی کا حکم دے دیا۔ عدالت نے درخواست گزار کو ایک لاکھ روپے کے مچلکے بطور ضمانت داخل کرانے کی ہدایت کر دی۔ دوران سماعت ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل عبدالصمد عدالت کے روبرو پیش ہوئے اور درخواست ضمانت کی مخالفت کی۔ پراسیکیوٹر نے دلائل میں کہا کہ تفتیش میں درخواست گزار گناہ گار ہے۔ اوقاف ڈیپارٹمنٹ کی ذمے داری تھی کہ وہ اراضی کو تحویل میں لے لیتی۔ درخواست گزار کے وکیل نے دلائل میں کہا کہ اینٹی کرپشن حکام نے خاور فرید مانیکا کو قبرستان کی زمین پر قبضے کے کیس میں گرفتار کر رکھا ہے۔ خاور فرید مانیکا پر قبرستان کی زمین پر ناجائز تعمیرات کا الزام ہے۔ اینٹی کرپشن حکام نے خاور فرید مانیکا کو 25 ستمبر کو گرفتار کیا۔ عدالت رہائی کے لیے درخواست ضمانت منظور کرے۔ بعدازاں عدالت نے خاور فرید مانیکا کی درخواست منظور کرتے ہوئے رہا کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 47

گئے اور ایک لاکھ 60 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے گئے اور 23 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے مزید 50 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور/کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 26 کنکشن منقطع کیے گئے اور 6 لاکھ 40 ہزار سے زائد جرمانے عائد کیے گئے اور ایک ایف آئی آر کاٹی گئی۔ مردان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 15 کنکشن منقطع اور 6 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کی گئے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر ایک کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران 10 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے۔ ٹیم نے کاروائی کے دوران سیالکوٹ میں 1 لاکھ 80 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ شیخوپورہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 16 کنکشن منقطع اور 37 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے، 29 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔

بقیہ 48

کارکردگی کے عزم کا عکاس ہے۔ یہ تاریخی لمحہ پاک فضائیہ کی جانب سے ایوی ایشن کے میدان میں ایک اہم سنگ میل اور ہوابازی کے حوالے سے عالمی سطح پر اس کی جدید ترین صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ جے ایف 17- تھنڈر بلاک 3 لڑاکا طیارہ جدید فضائی جنگی ٹیکنالوجی اور جدت کی اعلیٰ مثال ہے۔ جدید ترین ایویانکس، اعلیٰ ترین ہتھیاروں اور بہترین الیکٹرونک جنگی نظام سے لیس، جے ایف 17- بلاک 3 طیارہ فضائی منفرد خصوصیات، وسیع رینج اور بھرپور جنگی صلاحیتوں کا حامل ہے۔ پاک فضائیہ کی جانب سے مقامی سطح پر تیار کردہ اس طیارے کی دبئی ایئر شو میں شرکت پاک فضائیہ کی اس طیارے پر مکمل اعتماد کی عکاسی کرتی ہے جو دفاعی صنعت میں خودانحصاری کو فروغ دینے کے پاکستان کے عزم کا جامع ثبوت ہے۔ ایئر شو میں جے ایف 17- تھنڈر کے ساتھ پاک فضائیہ کے سپر مشاق طیارے کی نمائش بھی کی جا رہی ہے جو اپنی غیر معمولی تربیتی صلاحیتوں اور استعداد کے لیے جانا جاتا ہے۔ یہ قابل اعتماد تربیتی طیارہ پاک فضائیہ کے پائلٹس کی فضائی مہارتوں کو پروان چڑھانے اور انکی صلاحیتوں کو جلا بخشنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اپنی شاندار کارکردگی اور بہترین موافقت کی بدولت سپر مشاق طیارہ بین الاقوامی سطح پر ایک قابل اعتماد تربیتی طیارے کی حیثیت سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکا ہے۔ دبئی ایئر شو دنیا بھر سے ہوابازی کے شائقین، دفاعی شعبے سے منسلک شخصیات اور ہوابازی کی صنعت کے سربراہان کے لیے جدید ترین ٹیکنالوجیز کے مشاہدے اور عالمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ پاک فضائیہ کی اس ایئر شو میں شرکت اسکی جانب سے بین الاقوامی تعاون کو تقویت دینے کے ساتھ علاقائی استحکام کو فروغ دینے، قیام امن اور ہوا بازی کی صنعت میں ایک ذمہ دار عالمی شرکت دار کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرنے کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
14 نومبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 14 نومبر 2023، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، سواں گارڈن۔1، این پی ایف۔1، نیو کلیام، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب۔I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، کوہالہ، مورت، ریور گارڈن۔1، ریور گارڈن۔2، سوان گارڈن۔1، سواں گارڈن۔2، کھوڑ سٹی۔II، حنیف شہید، ابرار شہید، پنجار، خواجہ، نڑ فیڈرز، اٹک سرکل، پورمیانہ، راشد منہاس، شاہیہ، گڑھی افغانہ، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ، حمید، سرکہ، شاہی خان، دلاور آباد، کرنل شیر خان، پتھر گڑھ، احمد نگر فیڈرز، چکوال سرکل، بحر پور، مدینہ ٹاؤن، مورت، مین بازار، آرا بازار فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، یوسی روڈ، کورال فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، قائد آباد، پیرودھائی فیڈرز، 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، روات، حضرو، غزٹوپہ، ریڈیو پاک۔II، دریائے شریف، شہنکہ، ریڈیو پاک۔I، شمس آباد، غور غشتی، لارنس پور، ہٹیاں، قاضی آباد، ویسا، مسکین آباد، موسا فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 49

محکمہ زراعت کا اجلاس ہوا جس میں چیف سیکریٹری ڈاکٹر فخر عالم، ایڈووکیٹ جنرل حسن اکبر، سیکریٹری خزانہ کاظم جتوئی، سیکریٹری زراعت اعجاز شاہ، سیکریٹری خوراک عباس سومرو اور دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ ترجمان وزیراعلی سندھ نے بتایا کہ اجلاس میں گنے کی کم از کم قیمت سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ نگراں وزیراعلی سندھ نے چیف سیکریٹری کو ہدایت کی کابینہ سے بذریعہ سرکولیشن سمری منظور کروائی جائے۔ جسٹس (ر) مقبول باقر نے کہا کہ سندھ حکومت گندم کی کم قیمت 4000 روپے فی من پہلے ہی مقرر کر چکی ہے۔ سیکریٹری زراعت سندھ نے وزیراعلی سندھ کو آگاہ کیا کہ محکمہ زراعت میں 10 ڈی جیز ہیں اور ایک کین کمشنر ہے، محکمہ زراعت کی تقریبا 13 ونگز ہیں۔ نگراں وزیراعلی سندھ نے سوال کیا کہ محکمہ زراعت چاول، گندم اور دیگر فصلوں کی پیداوار بڑھا نہیں سکتی؟ پنجاب میں چاول اور گندم کی پیداوار سندھ سے زیادہ ہے۔ نگراں وزیراعلی سندھ نے سیکریٹری زراعت کو ہدایت کی کہ وہ اپنے ڈی جیز کی کارکردگی کا جائزہ لیں، جو محکمہ زراعت کی ونگز بہتر کام نہیں کر رہی، اس کو بند کر دیں یا بہتر بنائیں۔

بقیہ 50

کیا اسٹاک مارکیٹ تیزی کے اس تسلسل کو قائم رکھ پائے گی۔ اس وقت مختلف تخمینوں کے مطابق اسٹاک ایکسچینج کا پرائس ٹو ارن ریشو 3.7-8x ہے، جو منافعے کو ظاہر کرتا ہے، پاکستان کے ڈیفالٹ نہ ہونے کا یقین ہونا اسٹاک مارکیٹ میں حالیہ تیزی کی بڑی اور بنیادی وجہ ہے۔ پاکستان آئی ایم ایف پروگرام میں ہے، اور اس کے پاس اسٹرکچرل اصلاحات، تیل کی قیمتوں میں اعتدال، درآمدات اور ڈیویڈنڈ کی بتدریج بحالی اور سخت مالیاتی پالیسی کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے، لیکن بلند شرح سود اسٹاک مارکیٹ سے سرمایہ کاروں کو نکال سکتی ہے۔ 21 فیصد شرح سود کے ہوتے ہوئے سرمایہ کار اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ لگانے سے کترائیں گے اور ان کو اسٹاک مارکیٹ کی جانب راغب کرنے کیلئے خطرات سے پاک 21 فیصد سے زیادہ منافع آفر کرنے کی ضرورت ہوگی۔ ایسے سرمایہ کار جو پہلے نقصان اٹھا چکے ہیں، وہ اسٹاک مارکیٹ کے مستحکم ہونے کا انتظار کریں گے، مستقبل قریب میں شرح سود میں کمی، آئی ایم ایف پروگرام کا تسلسل اور غیر متنازعہ انتخابات اسٹاک مارکیٹ کو مزید تیزی کی طرف لے جا سکتے ہیں۔

بقیہ 51

آمدہ جنرل الیکشن کیلئے مسلم لیگ ن نے قومی و صوبائی اسمبلی کے ٹکٹ کے حصول کیلئے درخواست جمع کرانے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے تحصیل گوجرخان سے ٹکٹ کی دوڑ میں شامل ہونے والے امیدواران جن میں قومی اسمبلی کیلئے سابق ایم این اے راجہ محمد جاوید اخلاص صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 8 کیلئے سابق ایم پی اے چوہدری افتخار احمد وارثی، سابق چیئرمین بلدیہ الحاج شاہد صراف، چوہدری خرم زمان، چوہدری محمد جمیل جبکہ صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 9 کیلئے سابق ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی، راجہ حمید ایڈووکیٹ چوہدری ضیافت گجر، قاضی وقار کاظمی، خواتین کی مخصوص نشست کیلئے شازیہ سلطانہ بٹ نے مسلم لیگ ن کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن لاہور درخواستیں جمع کروائیں جبکہ درخواستیں جمع کرانے کی تاریخ میں 20 نومبر تک توسیع کر دی گئی ہے

بقیہ 52

سکیم 1 میں چوری کی واردات، اہل خانہ کی غیر موجودگی میں چور گھر سے لاکھوں روپے مالیتی نقدی، پرائز بانڈز، ایل ای ڈی و دیگر سامان چوری کر کے لے گئے محمد عابد سکنہ مطوعہ نے پولیس تھانہ گوجرخان کو ایف آئی آر درج کرائی کہ اس نے ہاؤسنگ اسکیم نمبر 1 میں ایک کوٹھی کرایہ پر لے رکھی ہے گزشتہ شام وہ اپنے بھانجے کی شادی میں شرکت کیلئے اپنی فیملی کے ہمراہ شیخوپورہ گیا ہوا تھا اس کی غیر موجودگی میں نامعلوم چوروں نے گھر سے چھ لاکھ روپے نقدی، پرائز بانڈ مالیتی دو لاکھ روپے، ایک عدد ایل ای ڈی، انشورنس کے کاغذات اور دیگر سامان چوری کر لیا پولیس نے متاثرہ شہری کی درخواست پر ایف آئی آر درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ شہر کے پوش ایریا ہاؤسنگ سکیم 2 کی آبادی میں چوروں نے مقامی صحافی کے گھر کو بھی نشانہ بنایا اور اہل خانہ کی عدم موجودگی پر گھر کے تالے توڑ کر لاکھوں کے سونے کے زیورات نقدی اور دیگر اشیاء چوری کر کے لے گئے تھے لیکن پولیس تاحال اس واردات کا بھی سراغ نہ لگا سکی شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس تھانہ گوجرخان اپنی ذمہ داری نبھائے اور چور گروہ گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کرے

بقیہ 53

برطانوی وزیراعظم رشی سوناک جو کہ بھارتی نژاد ہیں ان کے لیے اپنی وزیر داخلہ بریور مین جو ان کی ہم وطن بھی ہیں، کو عہدے سے ہٹانا مشکل فیصلہ تھا لیکن کنزرویٹو پارٹی کے ارکان کے آگے رشی سوناک کی ایک نہ چلی۔ حکومتی ذرائع نے رائٹرز کو بتایا کہ وزیر داخلہ کی برطرفی کابینہ میں ایک وسیع تر ردوبدل کا حصہ ہے تاہم انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ مزید کون سی تبدیلیاں ہوئی ہیں یا ہو سکتی ہیں۔ دوسری جانب واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے کہ بھارتی نژاد برطانوی وزیر داخلہ کی برطرفی لندن میں فلسطینیوں کے حمایت میں نکالے گئے ملین مارچ پر ان کی جانب سے تشدد کے احکامات کے بعد سامنے آئی ہے۔

بقیہ 54

لازم ہے۔ عرس کی تقریبات 23 تا 30 اپریل 2024ء دہلی، بھارت میں جاری رہیں گی۔ اگر درخواستیں زیادہ وصول ہوئیں تو 25 دسمبر، 2023ء وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی میں قرعہ اندازی کے ذریعے زائرین کا انتخاب کیا جائے گا۔ عرس سے متعلق دیگر تفصیلات ہدایات درخواست فارم وزارت کی ویب سائٹ اور فیس بک پیج پر دستیاب ہیں۔ وزارت سے جاری بیان کے مطابق زائرین کو واضح طور پر مطلع کیا گیا ہے کہ دورہ کے بارے میں حتمی فیصلہ حکومت پاکستان کی طرف سے دونوں ممالک میں Covid-19 صورتحال اور موجودہ زیارت پروٹوکول کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔#

بقیہ 55

پر سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا محمد ابوبکر عبداللہ کے علاوہ محکمہ بلڈنگ اور ریونیو کے افسران بھی موجود تھے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سلانوالی میں سب جیل کے قیام سے سرگودھا اور شاہ پور جیلوں میں قیدیوں کے رش میں کمی ہوگی۔ جبکہ سلانوالی اور ساہیوال کے قیدیوں کو سب جیل میں رکھا جا سکے گا۔ ڈی آئی جی جیل خانہ جات نے سب جیل کے حوالے سے ضروری احکامات جاری کئے۔

بقیہ 56

درازندہ میں پیش آیا، ریسکیو 112 نے واقعے کی تصدیق کی ہے۔ حملے کے بعد پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ ریسکیو 1122 ڈیرہ اسماعیل خان سب ڈویژن درازندہ میں گیس ڈرلنگ کمپنی کا نوائے پر حملہ، ایک اہلکار موقع پر جاں بحق جبکہ 12 افراد زخمی ریسکیو 1122 میڈیکل ٹیموں نے تمام زخمیوں کو درازندہ ٹائپ ڈی ہسپتال منتقل کر دیا، 2 شدید زخمیوں کو ٹائپ ڈی درازندہ سے ڈی ایچ کیو ڈیرہ منتقل کر دیا گیا امدادی ادارے 1122 کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان سب ڈویژن درازندہ میں موجود گیس ڈریلنگ کمپنی (پرائیویٹ) کے قافلے پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کی، واقعے میں زخمیوں اور جاں بحق شخص کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جن میں سے دو زخمیوں کی حالت تشویش ناک ہے۔

بقیہ 57

ہو رہے ہیں وہیں اس نے اطرافی آبادی کے مکینوں سمیت راہگیر مسافروں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے اور وہ اس سے سخت متاثر ہو رہے ہیں، دوسری جانب محکمہ ماحولیات جہلم جو روز اول سے ہی خواب خرگوش کی نیند سو رہا ہے یا چمک کے باعث وہ یہ سب کچھ دیکھنے سے قاصر ہے اہم ترین گھمبیر مسئلے پر چشم پوشی اختیار کر رکھی ہے اسباب جاننا تو دور کی بات اس طرف دھیان دینا بھی گناہ کبیرہ سمجھ رکھا ہے، اہل علاقہ کے مطابق سڑک پر دن بھر اڑنے والی مٹی نے آلودگی کی شکل اختیار کر کے زندگی اجیرن بنا رکھی ہے اور علاقائی عوام جلد، سانس، گردوں، پھیپھڑوں اور گلے سمیت طرح طرح کی مہلک بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں متعلقہ محکمہ تحصیل و ضلعی انتظامیہ اس مسئلے پر مکمل خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں مقامی عوام کو حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ رکھا ہے جو سخت تشویشناک اور تکلیف دہ عمل ہے، علاقائی عوام کا صوبائی وزیر ماحولیات پنجاب بلال افضل سے مطالبہ ہے کہ پنڈ دادنخان روڈ پر موجود آلودگی کے اصل اسباب جان کر اس کے خاتمے کے لئے ٹھوس اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں اور محکمہ ماحولیات جہلم میں موجود انسانی صحت سے کھلواڑ پر خاموش تماشائی بنے غیر سنجیدہ عناصر کیخلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ سیاحوں سکول جانیوالے بچوں اور علاقہ مکینوں سمیت راہگیر مسافروں کو اس اذیت سے نجات حاصل ہو

بقیہ 58

میں زبردست تیزی دیکھی گئی، ٹریڈنگ کے دوران 100 انڈیکس میں 618 پوائنٹس کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ سٹاک مارکیٹ میں 1132 پوائنٹس اضافے کے ساتھ 100 انڈیکس ملکی تاریخ میں پہلی بار 56 ہزار 523 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔

بقیہ 59

کو رضا کارانہ طور پر پاکستان چھوڑنے کیلئے 31 اکتوبر کی مہلت دی گئی تھی اور یکم نومبر سے ملک بھر کی طرح ضلع چکوال میں بھی غیر رجسٹرڈ اور غیر قانونی طور پر رہنے والے غیر ملکی باشندوں کی گرفتاریوں اور ملک بدری کیلئے بڑی دھوم دھام سے آپریشن شروع کیا گیا تھا لیکن چند ہی روز بعد جب وفاقی حکومت کی جانب سے ACR اور POR کارڈ رکھنے والے رجسٹرڈ افغان مہاجرین اور غیر ملکیوں کو ملک چھوڑنے کیلئے مزید 6 ماہ کی مہلت دی گئی تو ضلعی سطح پر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سرکاری مہلت کا نجانے کیا مطلب لیتے ہوئے غیر قانونی طور پر رہنے والے غیر ملکی باشندوں کیخلاف بھی آپریشن یکسر ختم کر دیا حالانکہ لاہور، کراچی اور ملک کے چاروں صوبوں میں دیگر بڑے شہروں میں اب بھی غیر رجسٹرڈ غیر ملکیوں کی ملک بدری کا آپریشن جاری ہے اور انہیں گرفتار کر کے ملک بدر کیا جا رہا ہے جبکہ چکوال میں یہ آپریشن ختم کر دیا گیا ہے

بقیہ 60

پر مسافر کے پیٹ سے 59 چرس بھرے کیپسولز برآمد کیے گئے۔ گوجرانوالہ کا رہائشی ملزم پرواز نمبر GF-765 کے ذریعے بحرین کے لئے روانہ ہو رہا تھا۔ ملتان ایئرپورٹ پر مسافر کے پیٹ سے 81 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد کیے گئے۔ لاہور کا رہائشی ملزم پرواز نمبر PA-812 کے ذریعے شارجہ کے لیے روانہ ہو رہا تھا۔ ہزار گنجی روڈ کوئٹہ پر کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ کے رہائشی ملزم سے 105 کلو چرس برآمد کی گئی۔ زخہ خیل خیبر کے غیر آباد علاقے میں سمگلنگ کے لیے چھپائی گئی 5 کلو چرس برآمد کی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 61

گزار وکیل رضوان عباسی عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے وکیل شیر افضل مروت عدالت پیش نہ ہوئے، تاہم وکیل کی عدم حاضری پر سماعت ہفتے تک ملتوی کر دی گئی، سول جج قدرت اللہ نے غیر شرعی نکاح کیس کی سماعت 18 نومبر تک ملتوی کی۔

ایپسما وفد کی فلسطینی سفیر احمد جواد ربیع و سٹاف سے ملاقات

اسرائیلی حملوں کی مذمت، مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی، ایپسما کی مالی امداد جمع کر کے فلسطینی سفارت خانے میں جمع کروانے کی یقین دھانی

غزہ میں اس وقت انسانی المیہ جنم لے چکا ہے، ہسپتالوں کو خالی کروایا جارہا ہے، پانی، ایندھن اور ادویات کی شدید کمی کا سامنا ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز مینجمنٹ ایسوی ایشن کے 16 رکنی وفد نے اسلام آباد میں فلسطین کے سفیر سے ملاقات کی ۔ وفد میں چودھری محمد فرقان، نعیم اشرف، فیاض مقصود، ابرار احمد خان، میاں اعظم علی ساغر، چوہدری عطا الرحمٰن، ابرار الحق شاکر، ڈاکٹر صابر حسین، شاہد لطیف، ناصر محمود، چوہدری ظہور احمد، عمر محمود و دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ ایپسما عہدیداران کا کہنا تھا کہ ہم ناجائز قابض صیہونی ریاست کے مظالم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور اس ظلم و بربریت پر ہر پاکستانی کا دل زخمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام ہمیشہ فلسطین کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور مظلوم فلسطینیوں کی حمایت جاری رکھیں گے ۔(بقیہ نمبر 1)

ایپسما کے مرکزی رہنماؤں محمد فرقان چوہدری، محمد نعیم اشرف، ابرار احمد خان، ابرار الحق شاکر، فیاض احمد مقصود، چوہدری عطاء الرحمن و دیگر کا فلسطینی سفیر کے ساتھ گروپ فوٹو

سرگودھا ریجن کے دو سپوت جوان وطن کا دفاع پر قربان ہو گئے

فوجی اعزاز کیساتھ سپرد خاک، مسلح دستے نے سلامی دی، افسران نے قبر پر پھول چڑھائے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن کے دو سپوت جوان وطن کا دفاع کرتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے جن میں ایک کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ اس کے آبائی گاؤں میں سپرد خاک کر دیا گیا جس کو مسلح دستے نے سلامی دی اور افسران نے قبر پر پھول چڑھائے جبکہ دوسرے کو آج پورے فوجی اعزاز کے ساتھ کیا جائے گا۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 2)

جائیداد کے تنازعہ میں اپنی حقیقی ماں، بہن اور بہنوئی کو قتل کر دیا

پولیس نے مقتولین کی نعشیں تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیں

سرگودھا (این این آئی) نوجوان نے جائیداد کے تنازعہ میں اپنی حقیقی ماں، بہن اور بہنوئی کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا پولیس نے مقتولین کی نعشیں تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیں آر پی او سرگودھا نے تہرے قتل کی واردات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او سے رپورٹ طلب کر لی اور ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 3)

غزہ میں 7 اکتوبر سے پہلے والی حکومت دوبارہ نہیں بنے گی؛ امریکا

واشنگٹن (پیپانیوز) امریکا کے مشیر قومی سلامتی نے دعوی کیا ہے کہ غزہ میں 7 اکتوبر سے پہلے والی حکومت قائم نہیں رہے گی اور نہ ہی مذاکرات دوبارہ اس سے قبل ہونے والے بات چیت کی سطح تک جا پائیں گے۔ العربیہ نیوز کے مطابق ان خیالات کا اظہار قومی سلامتی کے مشیر جیک سلیوان نے میڈیا سے گفتگو میں کیا تاہم انھوں نے یہ نہیں بتایا کہ اگر غزہ پر آئندہ حکومت حماس کی نہیں ہوگی تو حکومت کس کی ہوگی اور طرز حکومت کیا ہوگا۔ تاہم حماس کے رہنما اسامہ حمدان نے امریکی مشیر قومی سلامتی کے اس بیان کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ غزہ پر صرف غزہ کے عوام کی حکومت ہوگی۔

Interfaith Prayer Meeting
Reconciliation and Peace Between Palestine and Israel
Sebastian Francis Shaw, Maulana Tahir Ashrafi and All Ambassado
Pope Fran to pray fo Followin the Arch pray for in a

چیئرمین پاکستان علماء کونسل وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی حافظ طاہر محمود اشرفی یکجہتی فلسطین کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

آئیسکو صارفین کے مسائل حل کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے

تمام سرکلز انچارج فیس بک ای کچہریوں کے ذریعے صارفین کے مسائل کا حل احسن طریقے سے ممکن بنا رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو آئیسکو، ڈاکٹر محمد امجد خان 15 نومبر کو تمام آپریشن سرکلز انچارج فیس بک لائیو اور ٹیلیفون پر صارفین کے مسائل سنیں گے۔ ترجمان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے معزز صارفین کی بجلی سے متعلقہ تمام مسائل کے فوری حل کو ممکن بنانے کے لئے تمام آپریشن سرکلز انچارج بشمول اسلام آباد، راولپنڈی سٹی، راولپنڈی کینٹ، اٹک، چکوال اور جہلم مورخہ 15 نومبر 2023 (بروز بدھ) صبح 09:30 بجے تا دن 11:30 بجے تک (بقیہ نمبر 4)

غزہ میں جنگ اب انسانیت کی جنگ بن چکی ہے، طاہر اشرفی

فلسطین میں تمام مذاہب کے لوگوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے، یکجہتی فلسطین کانفرنس سے خطاب

لاہور (پیپانیوز) نگران وزیر اعظم کے معاون خصوصی و چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ اب انسانیت کی جنگ بن چکی ہے، فلسطین میں تمام مذاہب کے لوگوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے، اس بربریت کو فوری بند ہونا چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو قومی کمیشن برائے بین المذاہب مکالمہ اور انٹرنیشنل انٹرفیتھ ہارمنی کونسل کے زیراہتمام کیتھیڈرل چرچ لاہور میں منعقدہ یکجہتی فلسطین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ طاہر اشرفی نے کہا کہ اس جنگ میں اب تک 11 ہزار سے (بقیہ نمبر 5)

انجلینا جولی کی پاکستان سے افغان مہاجرین کی واپسی پر تنقید

نیویارک (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ ہولی ووڈ اداکارہ اور انسانی حقوق کی سرگرم کارکن انجلینا جولی نے پاکستان سے افغان مہاجرین کی بڑے پیمانے پر بے دخلی پر اپنی گہری تشویش اور غم کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کے فیصلوں پر تنقید کی۔ سوشل میڈیا پلیٹ(بقیہ نمبر 6)

ڈکیتی میں مزاحمت پر سکیورٹی گارڈ قتل، ڈاکو 10 لاکھ روپے لوٹ کر فرار

کراچی (پیپانیوز) نیو کراچی کے علاقے میں ڈاکوؤں نے سکیورٹی گارڈ کو فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا اور 10 لاکھ روپے سے زائد کی رقم لوٹ کر فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق سیکٹر الیون ڈی، 5 نمبر فیض عطار مسجد کے قریب نجی بینک کے باہر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک سکیورٹی گارڈ جاں بحق ہو گیا ، جس کی(بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد ٹریفک پولیس دنیا کی بہترین ٹریفک پولیس ہے، وزیر داخلہ

قانون کی عملداری میں کوئی بالا دست نہیں، ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز میں خطاب

اسلام آباد (پیپانیوز) نگران وفاقی وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی نے اسلام آباد ٹریفک پولیس کو دنیا کی بہترین ٹریفک پولیس قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ قانون کی عملداری میں کوئی بالا دست نہیں ہے، جس دن معاشرے میں قانون کے سامنے وی وی آئی اور عام بندے کی تفریق ختم ہو جائے گی ہم بحیثیت معاشرہ بہت آگے جائیں گے۔ وہ پیر کو اسلام آباد ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان، چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورگ، ایس پی ٹریفک چوہدری(بقیہ نمبر 8)

MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY

سرمایہ کاری کا سنہری موقع

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے پراجیکٹ

ملٹی ریذیڈینشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

میں 5 کنال فارم ہاؤس پلاٹس کی محدود بکنگ جاری ہے

Sr. No.	DESCRIPTION	AMOUNT
1	Cost of Plot	Rs. 19,500,000/-
2	Membership Fee/Share Money	Rs. 20,000/-
3	Total Cost of Plot	Rs. 19,520,000/-
4	Down Payment	Rs. 5,020,000/-
5	Quarterly Installment	Rs. 875,000/-

GET 20% DISCOUNT ON LUMPSUMP PAYMENT

Payment will be received in shape of Pay Order/Demand Draft in favour of
MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY - NTN # 2140070-9
Govt. Tax of 3% Filer & 10.5% for Non-Filer respectively would be applicable.

DEEN ASSOCIATES
Authorized Sales Partner - MPCHS

Office # 17, First Floor, Allahdaad Plaza G-8 Markaz, Islamabad.
Ph: 051-2340061 | www.thedeenassociates.com
Mob: 0333-5758882 - Ali Raza

نگران وفاقی وزیر برائے نج کاری فواد حسن فواد اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، آوارہ کتوں کا راج، شہریوں کی زندگی اجیرن، حکام خاموش

کتوں کے غول ہر علاقے میں شہریوں کیلئے سخت پریشانی کا باعث بن گئے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی بہتات ہو گئی۔ کتوں کے غول ہر علاقے میں شہریوں کیلئے سخت پریشانی کا باعث بن گئے ۔ کتوں کے کاٹنے واقعات میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے ضلعی انتظامیہ بھی خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے ۔ ڈھوک سیداں، گرجا روڈ، چکری روڈ، دھمیال، لکھن، ملک (بقیہ نمبر 9)

گوادر میں سڑکوں کی توسیع کے منصوبے کا آغاز

سڑکوں کی بہتری اور چوڑائی سے اہم کاروباری مراکز تک آسان رسائی میں آسانی ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) گوادر میں سڑکوں کی توسیع کے منصوبے کا آغاز کر دیا گیا، سڑکوں کی بہتری اور چوڑائی سے اہم کاروباری مراکز تک آسان رسائی میں آسانی ہوگی۔ گوادر پرو کے مطابق گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) نے سید ظہور ہاشمی روڈ کے مکی مسجد ملا فاضل چوک سیکشن کو وسعت دینے اور توسیع دینے کیلئے تعمیراتی سرگرمیوں کا(بقیہ نمبر 10)

استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان لاہور شیخوپورہ کے پارٹی کے عہدیداروں میں نوٹیفکیشن تقسیم کر رہے ہیں

آتش بازی کرنیوالے 3 ملزمان گرفتار کر لئے، اسلحہ و سامان آتش بازی برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ اور آتش بازی کرنیوالے 3 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ اور سامان آتش بازی برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ائیرپورٹ پولیس نے شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ اور آتش بازی کرنے والے ملزم حسن حیات کو گرفتار کر لیا، ملزم سے رائفل 12 بور معہ ایمونیشن، 42 سوتر گولے، 5 انار اور 40 ہوائیاں برآمد (بقیہ نمبر 12)

نواز شریف کا مولانا فضل الرحمٰن سے ٹیلیفونک رابطہ، باہمی اتفاق سے ملکی مسائل کو حل کرنے کا عزم

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں میاں نواز شریف نے مولانا فضل الرحمان کی خیریت دریافت کی۔ ج جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ترجمان اسلم غوری نے کہا کہ رہنماؤں میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال پر بات چیت ہوئی۔ اسلم غوری نے کہا کہ(بقیہ نمبر 11)

کلر سیداں پولیس نے سرکاری ہسپتال میں فائرنگ

توڑ پھوڑ کرنے والے 2 اشتہاری مجرمان گرفتار کر لئے

راولپنڈی (این این آئی) کلر سیداں پولیس نے سرکاری ہسپتال میں فائرنگ اور توڑ پھوڑ کرنیوالے 2 اشتہاری مجرمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سرکاری ہسپتال میں فائرنگ اور توڑ پھوڑ کرنیوالے 02 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرمان ثاقب اور بلال نے فائرنگ سے نعمان کو زخمی اور ڈنڈوں کے وار سے متعدد افراد کو شدید زخمی کر دیا تھا، اشتہاری مجرمان کے خلاف دہشتگردی، اقدام قتل، کار سرکار میں مزاحمت سمیت دیگر دفعات کے تحت مقدمہ(بقیہ نمبر 13)

کوئٹہ، وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ تصویری نمائش دیکھ رہے ہیں

اسلام آبا پولیس خدمت مراکز کی عوام کو سہولیات کی فراہمی جاری

رواں سال 17 ہزار 718 گاڑیوں کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد تصدیق کو یقینی بنایا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس خدمت مراکز نے رواں سال کے دوران 17 ہزار 718 گاڑیوں کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد تصدیق کو یقینی بنایا، شہری گاڑیوں کی تصدیق، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج اور دیگر سہولیات سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے خدمت مراکز اور اپنے قریبی تھانہ جات تشریف لا سکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس شہریوں کی سہولیات کیلئے جدید تکنیکی اور تمام تر (بقیہ نمبر 14)

مشیر سرمایہ کاری بورڈ فیروز ساہ سبکدوش ہونیوالے جاپانی قونصل جنرل کو سووینئر پیش کر رہے ہیں

مونس الٰہی کی گرفتاری کیلئے انٹرپول سے رابطے کا فیصلہ

ایف آئی اے لاہور نے مونس الٰہی اور فیملی کے 100 سے زائد اکاؤنٹس منجمد کر دیے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی اور ان کے صاحبزادے مونس الٰہی کے خلاف منی لانڈرنگ کیس کی تحقیقات میں پیشرفت ہوئی بیج وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے مونس الٰہی کی گرفتاری کیلئے انٹرپول سے رابطہ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق پرویز الٰہی اور مونس الٰہی کے تمام بینک اکاؤنٹس منجمد کر دیے گئے ہیں۔ مونس الٰہی اور پرویز الٰہی کے اہل خانہ کے بینک اکاؤنٹس بھی منجمد کر دیے گئے (بقیہ نمبر 15)

پی ٹی آئی کے سابق صوبائی وزیر علی افضل ساہی پر سفری پابندیاں ختم

علی افضل ساہی سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار حکومت کے مؤثر ترین صوبائی وزیر تھے

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے سابق صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات علی افضل ساہی پر سفری پابندیاں ختم کر دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق علی افضل ساہی سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار حکومت کے مؤثر ترین صوبائی وزیر تھے۔ علی افضل ساہی کا نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ(بقیہ نمبر 16)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

اب گاؤں چمکیں گے کا دوسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے

پہلے سے بڑھ کر اس پروگرام کو کامیاب بنانا ہو گا جس کیلئے اسسٹنٹ کمشنرز کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے

مقامی افراد کی اس پروگرام میں زیادہ سے زیادہ شمولیت کو یقینی بنایا جائے اور انہیں اونر شپ دی جائے، کمشنر محمد اجمل بھٹی

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر محمد اجمل بھٹی نے کہا ہے کہ اب گاؤں چمکیں گے کا دوسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے۔ پہلے سے بڑھ کر اس پروگرام کو کامیاب بنانا ہو گا جس کیلئے اسسٹنٹ کمشنرز کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے ۔مقامی افراد کی اس پروگرام میں زیادہ سے زیادہ شمولیت کو یقینی بنایا جائے اور انہیں اونر شپ دی جائے ۔اس امر کا اظہار انہوں نے اب گاں چمکیں گے پروگرام پر(بقیہ نمبر 17)

BHAKKAR
MIANWALI
DC Bhakkar
Mianwali
Khushab

کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی ''اب گاؤں چمکیں گے'' پروگرام کے دوسرے مرحلہ پر اب تک کی پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف آئی اے نے ترکی سے آنے والا مسافر اسلام آباد ایئرپورٹ سے گرفتار کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے نے ترکی سے آنے والا مسافر اسلام آباد ایئرپورٹ سے گرفتار کر لیا، ملزم کی گرفتاری کے لئے ایف آئی اے انٹرپول نے ریڈ نوٹس جاری کیا تھا، ملزم پنجاب پولیس کو سنگین جرائم میں مطلوب تھا، گرفتار ملزم مستنصر اقبال کے خلاف سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے، ملزم قتل کی دفعات کے تحت گجرات پولیس کو مطلوب تھا، ملزم کی حوالگی انٹرپول اسلام آباد کی ایف آئی اے امیگریشن حکام کے ساتھ قریبی رابطہ کاری کی وجہ سے ممکن ہوئی بعد ازاں ایف آئی اے امیگریشن اسلام آباد نے ملزم کو متعلقہ پولیس حکام کے حوالے کر دیا، این سی بی انٹرپول(بقیہ نمبر 19)

دہشت گردوں کیخلاف کارروائی میں 2 سپاہی شہید، ایک دہشتگرد مارا گیا

سکیورٹی فورسز دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز کی شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران ایک دہشت گرد ہلاک، دو سپاہی شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 12 اور 13 نومبر کی رات سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے ضلع میر علی میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کی اطلاع پر کارروائی کی۔ اس دوران سکیورٹی فورس اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا جس میں ایک(بقیہ نمبر 18)

بہاولنگر، ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پہنچ گئیں، نعشیں ہسپتال منتقل

بہاولنگر (این این آئی) ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ افسوسناک حادثہ بہاولنگر میں چک مہار شریف کے قریب پیش آیا جہاں تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے موٹر سائیکل کو کچل ڈالا، حادثے میں موٹر سائیکل سوار نوجوان موقع پر دم توڑ گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پہنچ گئیں، جاں بحق (بقیہ نمبر 20)

وینٹی لیٹر مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم نافذ کرنے کا اصولی فیصلہ

ضرورت کے مطابق وینٹی لیٹر کی ٹریکنگ کی جائیگی، خصوصی ایپ کے ذریعے زیر استعمال اور خالی وینٹی لیٹر کی نشاندہی ممکن ہوگی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت ہیلتھ ریفارمز سے متعلق خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری صحت نے ایمرجنسی سہولتوں میں بہتری کے لئے کیے گئے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی۔ اجلاس میں وینٹی لیٹر مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم نافذ کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ وینٹی لیٹر مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ذریعے ضرورت کے مطابق وینٹی لیٹر کی ٹریکنگ کی جائے گی۔ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے خصوصی ایپ کے ذریعے زیر استعمال اور خالی وینٹی لیٹر کی نشاندہی ممکن ہوگی تاکہ کسی ہسپتال میں رش کی صورت میں مریض (بقیہ نمبر 21)

نگران وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان ہیلتھ انسٹی ٹیوٹ میں سٹوڈنٹس سے بات چیت کر رہے ہیں

اسلام آباد ٹریفک پولیس نے نگران وفاقی وزیر داخلہ کو انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس جاری کر دیا

اسلام آباد (پیپانیوز) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے نگران وفاقی وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی کو انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس جاری کر دیا۔ پیر کو نگران وفاقی وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی نے اسلام آباد ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کا باقاعدہ افتتاح کرنے کے بعد اسلام آباد ٹریفک پولیس کی جانب سے شروع کیے گئے انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس امور کا جائزہ لینے(بقیہ نمبر 22)

امریکا کے شام کے مشرقی علاقے پر فضائی حملے، 6 افراد جاں بحق

واشنگٹن (پیپانیوز) امریکا کے شام کے مشرقی علاقے پر اہداف پر فضائی حملوں کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ روسی خبر رساں ادارے نے فاکس نیوز کے حوالے سے بتایا کہ امریکی محکمہ دفاع کے سینئر نمائندہ نے امریکی فوج کے شام کے مشرقی علاقے میں فضائی حملوں کی تصدیق کی ہے۔ قبل ازیں امریکی وزیر دفاع لائیڈ آسٹن نے اس بات کی تصدیق کی تھی کہ امریکی صدر جو بائیڈن نے مشرقی شام میں اہداف پر فضائی حملوں کا (بقیہ نمبر 25)

شجرکاری کے فروغ، زرمبادلہ کیلئے کاربن کریڈٹس کیلئے جامع پلان طلب

کاربن کریڈٹس کے حصول کیلئے اچھی ساکھ کی حامل کنسلٹنٹ فرم کی خدمات حاصل کرنے پر اتفاق

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت کاربن کریڈٹس کے حصول کیلئے تجاویز سے متعلق خصوصی اجلاس منعقدہ ہوا ۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے شجرکاری کے فروغ اور قیمتی زرمبادلہ کیلئے کاربن کریڈٹس کیلئے جامع پلان طلب کر لیا۔ اجلاس(بقیہ نمبر 23)

4 روز کی چھٹیوں کے بعد تعلیمی ادارے کھل گئے

آلودگی کے اعتبار سے لاہور دنیا میں ایک بار پھر سے دوسرے نمبر پر براجمان

لاہور (این این آئی) سموگ کے باعث پنجاب کے 8 اضلاع میں بند تعلیمی ادارے 4 روز کی چھٹیوں کے بعد کھل گئے۔ صبح سویرے سکولوں اور کالجوں کے طالبعلموں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ سکول کھلتے ہی لاہور شہر میں سموگ نے پھر سے ڈیرے جمانا شروع کر دیئے ہیں، آلودگی کے اعتبار سے لاہور دنیا میں ایک بار پھر سے دوسرے نمبر پر(بقیہ نمبر 24)

خیبر پختونخوا کلچر اینڈ ٹورازم اتھارٹی کے زیر اہتمام لوک میلہ میں غیر ملکی سیاح ٹرک آرٹ میں دلچسپی لے رہی ہیں

ہر چوتھا پاکستانی ذیابیطس کا شکار طرز زندگی تبدیل کرنا ہوگا پروفیسر الفرید ظفر

شوگر اگرچہ وبائی مرض نہیں البتہ پوری دنیا میں پھیلی ہوئی ہے: ذیابیطس میں مبتلا، زیادہ پیاس لگنا، وزن کم ہونا تھکاوٹ علامات ہیں، پروفیسر طاہر صدیق

مرض عطائیوں کے ٹوٹکے اور جھاڑ پھونک سے ختم نہیں ہوتا، علاج میں تاخیر سے مزید پیچیدگیاں جنم لیتی ہیں، طبی ماہرین

لاہور (آئی آئی پی) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ پاکستان میں ہر چوتھا فرد ذیابیطس کے موذی مرض کا شکار ہے اور دنیا بھر میں کروڑوں لوگ شوگر میں مبتلا ہو کر امراض قلب و گردہ اور امراض چشم کا شکار ہو رہے ہیں جبکہ یہ مرض عطائیوں کے ٹوٹکے اور جھاڑ پھونک سے ختم نہیں ہوتا بلکہ علاج میں تاخیر سے انسانی صحت میں مزید پیچیدگیاں جنم لیتی ہیں لہذا شہریوں کو چاہیے کہ وہ مستند معالج سے اپنا علاج معالجہ کروائیں۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال میں ذیابیطس کے مرض سے متعلق بچاؤ آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر طاہر صدیق، ڈاکٹر کاشف عزیز، ڈاکٹر محمد مقصود، ڈاکٹر عمر اعجاز، ڈاکٹر نادیہ ارشد، یاسمین شریف، بینش سردار، اقرا شیر کے علاوہ لاہور (بقیہ نمبر 26)

غزہ کے الشفا ہسپتال کے اندر اور سامنے پڑی لاشوں کو دفنانے والا کوئی نہیں، فلسطینی وزارت صحت

رام اللہ (پیپانیوز) غزہ کی پٹی میں حماس انتظامیہ کی وزارت صحت نے کہا ہے کہ الشفا ہسپتال کے اندر اور سامنے پڑی لاشوں کو دفنانے والا کوئی نہیں ۔ سعودی خبر رساں ادارے نے فلسطینی وزارت صحت کے ترجمان کے حوالے سے بتایا کہ الشفا ہسپتال کے اندر اور باہر لاشوں کے انبار لگے ہوئے ہیں مگر انہیں دفن کرنے والا کوئی نہیں جب کہ قابض فوج نے ہسپتال کا زمینی اور فضائی محاصرہ کر کے ہر حرکت کرنیوالی چیز پر فائرنگ کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ ترجمان اشرف القدرہ نے بتایا (بقیہ نمبر 28)

دالوں کی قیمتوں میں اکتوبر کے دوران ماہانہ بنیادوں پر کمی کا رجحان

اسلام آباد (پیپانیوز) ملک میں دالوں کی قیمتوں میں اکتوبر کے دوران ماہانہ بنیادوں پر عموی کمی کا رجحان دیکھنے میں آیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ ماہانہ رپورٹ کے مطابق ستمبر کے مقابلہ میں اکتوبر میں دالوں کی مختلف اقسام کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اکتوبر 2023 میں ملک کے مختلف شہروں میں دال مسور کی فی کلو اوسط قیمت 323.01 روپے ریکارڈ کی گئی جو ستمبر کے مقابلہ میں 4.30 فیصد کم ہے، ستمبر میں دال مسور کی فی کلو اوسط قیمت 337.54(بقیہ نمبر 29)

کپتان بابر اعظم ورلڈ کپ میں شرکت کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

بابر اعظم کی ایئرپورٹ آمد پر لوگوں کے ہجوم نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نجی ایئرلائن کے ذریعے دبئی سے لاہور ایئرپورٹ پہنچ گئے۔ کپتان بابر اعظم ورلڈ کپ میں شرکت کرنے کے بعد لاہور پہنچے ۔ انکے ہمراہ کرکٹ بورڈ دیگر عملہ بھی موجود تھے۔ بابر اعظم کی ایئرپورٹ آمد پر لوگوں کے ہجوم نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے، ٹیم منیجر بھی لاہور ایئرپورٹ(بقیہ نمبر 27)

خیبر پختونخوا پویلین کا دورہ کرنیوالے خصوصی بچے کا روایتی لباس میں ملبوس خواتین کے ہمراہ گروپ فوٹو

سائفر کیس، عمران خان اور شاہ محمود کے جیل ٹرائل کی منظوری

سکیورٹی خدشات کے باعث سائفر کیس کے جیل ٹرائل کا فیصلہ کیا گیا، سمری کا متن

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی کابینہ نے جیل ٹرائل کے لیے وزارت قانون کی سمری منظور کرتے ہوئے سائفر کیس میں عمران خان اور شاہ محمود قریشی کے جیل ٹرائل کی منظوری دے دی۔ سمری کے مطابق سکیورٹی خدشات کے باعث سائفر کیس کے جیل ٹرائل کا فیصلہ کیا گیا۔ 29 اگست کو وزارت قانون نے جیل ٹرائل کے لیے این او سی جاری کیا تھا۔ سمری کے مطابق وزارت داخلہ اور کیس کی سماعت کرنے والے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے جیل ٹرائل کی سفارش کی، عمران خان کو درپیش سکیورٹی خدشات کی وجہ(بقیہ نمبر 30)